Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹرانچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 14 بدھ ، 25 اکتوبر 2023ء، 9 ربیع الثانی 1445ھ، قیمت 20 روپے شمارہ 175

وزیراعلیٰ کا اچانک ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ کا تفصیلی دورہ

ادویات باہر سے منگوانے اور ٹیسٹ باہر سے کرانے پر ایم ایس کی سرزنش، انکوائری کا حکم، وزیراعلیٰ کا ایمرجنسی، سرجیکل، کارڈیک، میڈیکل، لیب، ٹراما سنٹر، ڈائلسز سنٹر، بچہ وارڈ، سی ٹی سکین کا دورہ

ٹراما سنٹر کا نظرثانی شدہ پلان جلد تیار کرنے کی ہدایت، ڈائلسز سنٹر کی پرانی مشینوں کو فوری تبدیل کرنے کا حکم، 15 نئی مشینیں خریدنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) محسن سپیڈ اوکاڑہ پہنچ گئی، وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے بغیر اطلاع رات گئے اچانک ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوکاڑہ کا تفصیلی دورہ کیا۔ ایم ایس ہسپتال، ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ اور ڈی پی او وزیراعلیٰ محسن نقوی کے دورے کے بعد ہسپتال پہنچے۔ بعض مریضوں اور تیمارداروں نے ادویات باہر سے منگوانے اور ٹیسٹ باہر سے کرانے کی شکایات کیں۔ وزیر اعلیٰ نے ایم ایس ہسپتال (بقیہ نمبر 31)

سی ای او پاکستان سروسز لمیٹڈ مرتضیٰ ہاشوانی نگران وزیراعظم انوار الحق سے ملاقات کررہے ہیں

توہین الیکشن کمیشن کیس، چیئرمین پی ٹی آئی کو پیش نہیں کیا جاسکا

وزارت داخلہ اگر ایک شخص کو سیکیورٹی نہیں دے سکتا تو الیکشن کیسے کرائیں گے

پنجاب پولیس نے سیکیورٹی رسک قرار دیدیا' کمیشن نے وفاقی سیکرٹری داخلہ کو طلب کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن کیس میں چیئرمین پی ٹی آئی کو پیش نہیں کیا جاسکا ، پنجاب پولیس نے سیکیورٹی رسک قرار دیدیا جس پر الیکشن کمیشن نے ریمارکس دیئے ہیں کہ وزارت داخلہ اگر ایک شخص کو سیکیورٹی نہیں دے (بقیہ نمبر 32)

پاسپورٹ بنوانے والے شہریوں کیلئے خوشخبری

فاسٹ ٹریک درخواستوں والے پاسپورٹس مقررہ مدت میں ہی فراہم کیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) ملک بھر کے پاسپورٹ دفاتر سے شہریوں کو پاسپورٹ ڈیلیوری کا معاملے میں بڑی پیش رفت سامنے آگئی۔ تفصیلات کے مطابق تکنیکی پیچیدگیوں کی وجہ سے پاکستانیوں کو پاسپورٹ کا اجرا رکا (بقیہ نمبر 35)

عدالتوں میں ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے سماعت کا فیصلہ

منصوبے سے کچہریوں میں رش کم، کیسز کا بوجھ ختم ہوگا، قومی خزانے کی کروڑوں روپے کی بچت ہوگی

لاہور (این این آئی) پنجاب کی عدالتوں میں تمام ملزمان کی ویڈیو لنک کے ذریعے سماعت کا فیصلہ کرلیا گیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شجاعت علی خان کی زیرصدارت اہم اجلاس ہوا جس میں آئی جی جیل خانہ جات پنجاب (بقیہ نمبر 34)

ووٹوں کے اندراج اور منتقلی یا درستگی کی آج آخری تاریخ ہے

ووٹ چیک کرنے کے لئے 8300 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر بھیج کر معلومات حاصل کریں، ترجمان

کراچی (این این آئی) الیکشن کمیشن نے کہا ہے کہ انتخابی فہرستوں میں ووٹوں کے اندراج اور منتقلی یا درستگی کی آج (بدھ) آخری تاریخ ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق 18 سال یا زیادہ عمر والے تمام (بقیہ نمبر 33)

العزیزیہ ریفرنس: نواز شریف کی سزا معطل

نگراں کابینہ نے آئینی اختیارات استعمال کرتے ہوئے سزا معطل کی، کیس کا حتمی فیصلہ عدالت ہی کریگی' عامر میر کی تصدیق

کابینہ نے فیصلہ سوچ سمجھ کر لیگل ایڈوائس کے تحت کیا، اس فیصلے پر کوئی کیسے معترض ہوسکتا ہے' سابق اٹارنی جنرل اشتر اوصاف

کریمنل پروسیجرل کوڈ کے سیکشن 401 کے تحت نواز شریف کی سزا معطل کی گئی جسکے تحت حکومت کسی بھی مجرم کی سزا معاف کرنے کا اختیار رکھتی ہے

سابق وزیراعظم کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں حکومت کو العزیزیہ ریفرنس میں سزا معطلی کی درخواست دی گئی تھی

لاہور (این این آئی) نگران پنجاب حکومت نے العزیزیہ ریفرنس میں سابق وزیراعظم وقائد پاکستان مسلم لیگ (ن) نواز شریف کی سزا معطل کردی۔ سابق وزیراعظم کی جانب سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں پنجاب حکومت کو العزیزیہ ریفرنس میں سزا معطلی کی درخواست دی گئی تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نگران پنجاب کابینہ نے نواز شریف کی درخواست پر ویڈیو لنک کے ذریعے سماعت کی، وڈیو لنک پر نواز شریف (بقیہ نمبر 46)

ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی ثمن رائے کا پہلی ڈیموگرافی کانفرنس کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

یہ جو نیلسن منڈیلا آیا ہے انہیں الیکشن میں پتہ چلے گا، پرویز الٰہی

کوئی کمی ہے، پانچ ماہ سے زیادہ ہوگئے ہیں اور آئندہ بھی

اسلام آباد (پنانیوز) سابق وزیراعلی پنجاب چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ یہ جو نیلسن منڈیلا آیا ہے انہیں الیکشن میں پتہ چلے گا، سب کی امیدیں عدلیہ پر ہیں۔ عدالت پیشی کے موقع پر پرویز الٰہی نے غیررسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عام انتخابات کرانے ہی پڑیں گے، نواز شریف دو نمبر نیلسن منڈیلا بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ صحافی نے سوال(بقیہ نمبر 36)

ایندھن کا مسئلہ تاحال برقرار، پی آئی اے کی 30 سے زائد پروازیں منسوخ

لاہور (این این آئی) مالی بحران سے جڑا ایندھن کا مسئلہ تاحال برقرار ہے جس کے باعث منگل کے روز بھی پی آئی اے کی 30 سے زائد پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ کراچی سے اسلام آباد کی 4 دو طرفہ، کراچی(بقیہ نمبر 37)

پاکستان نے غوری ویپن سسٹم کی کامیاب لانچنگ کرلی

لانچنگ کا مقصد آرمی اسٹریٹجک فورسز کمانڈ کی آپریشنل اور تکنیکی تیاری کو جانچنا تھا، آئی ایس پی آر

پاکستان کی سٹریٹجک صلاحیت کو بڑھانے کیلئے غوری میزائل کا کامیاب تجربہ کیا گیا، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان نے غوری ویپن سسٹم کی کامیاب لانچنگ کرلی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق لانچنگ کا مقصد آرمی اسٹریٹجک فورسز کمانڈ کی آپریشنل اور تکنیکی تیاری کو جانچنا تھا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کمانڈر ایس ایف سی نے آرمی اسٹریٹجک فورسز کی تربیت کے معیار اور آپریشنل تیاریوں کو سراہا۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے کہا گیا کہ (بقیہ نمبر 38)

گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن سے کوریا کے سفیر پارک کچون ملاقات کررہے ہیں

ربیع کی فصل کیلئے کسانوں کو بروقت کھاد کی فراہمی یقینی بنائی جائے

کھاد کے بفر اسٹاک کا بھی مناسب و بروقت بندوبست کیا جائے' یوریا کی فراہمی پر جائزہ اجلاس

وزیراعظم کی متعلقہ وزارتوں کو ربیع کی فصل کیلئے کھاد کی بلاتعطل فراہمی کیلئے جامع لائحہ عمل بنا کر پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے کہا ہے کہ متعلقہ وزارتوں کو ربیع کی فصل کیلئے کھاد کی بلاتعطل فراہمی کیلئے جامع لائحہ عمل بنا کر پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ کی زیرصدارت ربیع کی فصل کیلئے یوریا کی فراہمی پر جائزہ اجلاس ہوا۔ اجلاس کو ملک میں کھاد کی حالیہ پیداوار اور متوقع طلب کے بارے میں بتایا گیا۔ اجلاس کو کھاد کی (بقیہ نمبر 51)

سانگلہ ہل چلتی ٹرین سے گر کر 2 بچے شدید زخمی ہوگئے

دونوں ٹرین کی بوگی کے گیٹ کے قریب کھڑے تھے، اچانک جھٹکا لگنے سے نیچے گر گئے

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل ریلوے اسٹیشن کے قریب چلتی ٹرین سے گر کر دو بچے 11 سالہ سہیل اور 12 سالہ عبدالرحمٰن شدید زخمی ہو گئے۔ اطلاع (بقیہ نمبر 39)

والدین بچوں کو معذوری سے بچانے کیلئے پولیو ویکسین ضرور پلائیں' گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ والدین بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کے لیے پولیو ویکسین ضرور پلائیں۔ گورنر پنجاب نے پولیو کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ہمیں مل کر پولیو کو ختم کرنا ہے، آئیں پولیو کو ماضی کا حصہ بنائیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیو کے خلاف کوششوں کا حصہ بنیں تاکہ اس بیماری کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔

نواز شریف! پاکستان بچاؤ، کسی کی مدد سے نہ آؤ، سید خورشید شاہ

نواز شریف کو اعلان کرنا چاہیے کہ میں آگیا ہوں، اب الیکشن ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ نے کہا ہے کہ اپیل کروں گا کہ نواز شریف پاکستان بچاؤ کسی کی مدد سے نہ آؤ۔ خورشید شاہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپیل کروں گا نواز شریف ملک بچاؤ، کسی کے ہاتھ میں نہ (بقیہ نمبر 40)

”انڈیا کی ابھرتی ہوئی عالمی اہمیت“ علاقائی سیاست میں تبدیلی اور تزویراتی توازن کی تشکیل نو پر سیمینار

ہندوستان کے جارحانہ موقف کے نقصان دہ نتائج کو عالمی سطح پر موثر انداز میں پیش کرنے کیلئے سفارتی اقدامات میں تیزی لائی جائے

بدلتے ہوئے عالمی ماحول کے پیش نظر فعال پالیسی کی ضرورت ہے، سیمینار کا آغاز CASS لاہور کی سینئر محقق ندا شاہد کے افتتاحی کلمات سے ہوا

سابق ڈی جی آرمز کنٹرول اینڈ ڈس آرمامنٹ افیئرز (اسٹریٹجک پلانز ڈویژن) ایئر کموڈور خالد بنوری نے کلیدی خطبہ دیا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS) لاہور نے 23 اکتوبر 2023 کو 'انڈیا کی ابھرتی ہوئی عالمی اہمیت: علاقائی سیاست میں تبدیلی اور تزویراتی توازن کی تشکیل نو' کے عنوان سے ایک فکر انگیز سیمینار کی میزبانی کی۔ اس سیمینار میں ہندوستان کی عالمی سطح پر مسلسل وسیع تعلقات اور اثرات کی کوششوں اور جنوبی ایشیا سے باہر اپنی غالب کوششوں پر غورو(بقیہ نمبر 47)

سینٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS) لاہور کے زیراہتمام منعقدہ سیمینار میں شریک شرکاء کا گروپ فوٹو

آئی ٹی برآمد کنندگان، فری لانسرز کیلئے نئی سہولت متعارف

برآمد کنندگان کو آن لائن ادائیگیوں کیلئے ڈیبٹ کارڈز جاری کیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے آئی ٹی برآمد کنندگان اور فری لانسرز کی سہولت کے لیے نئے اقدامات متعارف کرا دیئے۔ اسٹیٹ بینک (بقیہ نمبر 52)

ڈاکٹر جمال ناصر پولیو ورکرز کی خدمات کے سلسلہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کررہے ہیں

مالدیپ کے نو منتخب صدر کا بھارتی فوج کو ملک سے نکل جانے کا حکم

مالے (پنانیوز) مالدیپ کے نو منتخب صدر ڈاکٹر محمد معیزو نے بھارتی فوج کو ملک سے نکل جانے کا حکم دے دیا۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق مالدیپ کے نو منتخب صدر نے انتخابات میں کامیابی کے چند روز بعد بھارتی سفیر سے ملاقات میں بھارتی فوج کو واپس بھیجنے کا حکم دیا۔ مالدیپ کے (بقیہ نمبر 54)

کشمیر کی مکمل آزادی تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے

سپیکر قومی اسمبلی کا راجہ پرویز اشرف کا آزاد کشمیر کے 76ویں یوم تاسیس پر پیغام

اسلام آباد (پنانیوز) سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے تحریک آزادی کشمیر کے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ اور ہر کشمیری کے دل کی آواز ہے، بھارت پچھلے 76 سال سے نہتے کشمیریوں پر مظالم (بقیہ نمبر 53)

پاکستانی افواج اقوام متحدہ کے چارٹر پر عمل پیرا ہیں، آرمی چیف

ہم اپنے بزرگوں کے وژن کے مطابق دنیا کو آنے والی نسلوں کے لیے بہتر جگہ بنانے کے لیے کوشاں ہیں

پُرامن اور خوش حال دنیا کے حصول کے لیے یو این کے پرچم تلے پاکستان کی خدمات کی منفرد تاریخ ہے، سربراہ پاک فوج

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج اقوامِ متحدہ کے چارٹر کے اصولوں پر عمل پیرا ہیں۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اقوام متحدہ کے 78 ویں یوم تاسیس پر نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پُر امن اور خوش حال دنیا کے حصول کے لیے یو این کے پرچم تلے پاکستان کی خدمات کی منفرد تاریخ ہے۔ آرمی چیف نے (بقیہ نمبر 41)

میاں صاحب نے مفاہمت کی بات کی، کیا پی ٹی آئی سے بھی بات ہوگی؟

میاں صاحب نے جو فرمایا اس پر وضاحت کی ضرورت نہیں رہتی، شہباز شریف کا جواب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر صحافی نے سابق وزیراعظم شہباز شریف سے سوال کیا ہے کہ میاں صاحب نے مفاہمت کی بات کی ہے کیا پی ٹی آئی سے بھی بات ہو گی؟ جس پر سابق وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ(بقیہ نمبر 48)

توشہ خانہ کیس: نواز شریف نے احتساب عدالت میں سرنڈر کردیا

دائمی وارنٹ منسوخ' عدالت کی سابق وزیراعظم نواز شریف کو 10 لاکھ روپے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کی ہدایت

لیگی کارکنان ٹولیوں کی شکل میں احتساب عدالت کے باہر جمع ہوئے، پارٹی جھنڈے اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد، سابق وزیراعظم میاں نواز شریف نے توشہ خانہ ریفرنس میں اسلام آباد کی احتساب عدالت کے سامنے سرنڈر کر دیا جس کے باعث عدالت نے نواز شریف کے دائمی وارنٹ منسوخ کر دیئے۔ منگل کو احتساب عدالت کے جج محمد بشیر نے توشہ خانہ ریفرنس کیس کی سماعت کی جن کے سامنے نواز شریف نے سرنڈر کیا۔ نیب (بقیہ نمبر 55)

نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ پولیو ورکرز میں امدادی چیک تقسیم کررہے ہیں

ہڈیوں کی مضبوطی کے حوالے سے آگاہی بہت اہم ہے، ڈاکٹر جاوید اکرم

لاہور (این ین آئی) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے زیر اہتمام ہڈیوں کے بھربھرے پن پر آگاہی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کے مہمان خصوصی نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم تھے۔ اس موقع پر پروفیسر مجید چوہدری، رجسٹرار پروفیسر(بقیہ نمبر 42)

نواز شریف کو لاڈلا پلس بننے کی مبارکباد دیتے ہیں، پیپلز پارٹی

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے جنرل سیکرٹری حسن مرتضیٰ نے کہا ہے کہ نواز شریف کو لاڈلا پلس بننے کی مبارکباد دیتے ہیں۔ حسن مرتضیٰ نے نگران حکومت کے فیصلے پر سوال کیا کہ پنجاب(بقیہ نمبر43)

لاہور میں ایک پھر اسموگ کے خطرات منڈلانے لگے

دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار، ڈپٹی کمشنر لاہور نے انسداد اسموگ سیل قائم کردیا

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور ایک پھر اسموگ کے خطرات منڈلانے لگے، فضائی آلودگی کے لحاظ لاہور دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دے دیا (بقیہ نمبر 44)

غیر قانونی غیر ملکی افراد کے لیے مہلت

دن باقی

6

@GovtofPakistan

لاہور میں جعلی پولیس والا اصلی پولیس کے ہتھے چڑھ گیا

لاہور (این این آئی) لاہور میں داتا دربار پولیس نے کارروائی کر کے جعلی سب انسپکٹر کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم معصوم شہریوں کو وردی پہن کر ہراساں کرتا تھا۔ دوران تفتیش ملزم پولیس (بقیہ نمبر 56)

یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی 8 روپے فی کلو مہنگی ہوگئی

یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے دستیابی کے ساتھ ہی سبسڈی والی سستی چینی 8 روپے فی کلو مہنگی کردی۔ ذرائع کے مطابق بغیر سبسڈی والی چینی کی فی کلو قیمت میں بھی 8 روپے کا اضافہ کیا گیا۔ یوٹیلیٹی اسٹورز پر چینی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق فوری ہوگا، یوٹیلیٹی اسٹورز پر عام صارفین کے لیے فی کلو چینی کی(بقیہ نمبر 57)

گیس چوری کیخلاف کریک ڈاؤن روزانہ کی بنیاد پر جاری

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 126 گیس کنکشن منقطع' ایف آئی آر بھی درج

171 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کیے گئے، 1 کروڑ 33 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے' ترجمان

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 126 گیس کنکشن منقطع کر دیئے، 171 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کر دیئے گئے جبکہ گیس چوری میں ملوث افراد پر 1 کروڑ 33 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کر دیئے گئے ہیں۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 05 گھریلو کنکشن، کمپریسر کے استعمال پر 8 کنکشن منقطع کیے گئے اور 11.08 ملین کی رقم بھی بک کی گئی اور گیس چوروں کے خلاف ایک ایف آئی آر بھی درج کی گئی۔ بہاولپور میں ریجنل (بقیہ نمبر 45)

کارروائی کے دوران پکڑے گئے غیر قانونی گیس کنکشن

وزیر اطلاعات سے افغان صحافیوں کے وفد کی ملاقات

افغان صحافیوں کے ویزا معاملات پر وزارت داخلہ سے رابطہ کیا جائے گا، مرتضیٰ سولنگی

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی سے افغان صحافیوں کے وفد نے ملاقات کی جس میں افغان صحافیوں کے مسائل، ویزا معاملات اور دیگر اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ سولنگی نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کا امن ایک دوسرے سے وابستہ ہے، موثر بارڈر مینجمنٹ اور سیکورٹی (بقیہ نمبر 49)

بحیرہ عرب میں بننے والا سائیکلون تیج انتہائی شدید طوفان میں تبدیل

طوفان گوادر سے پندرہ سو کلومیٹر اور کراچی سے سترہ سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے

کراچی (این این آئی) بحیرہ عرب میں بننے والا سائیکلون تیج انتہائی شدید طوفان میں تبدیل ہوگیا ہے اور کراچی سے سترہ سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ تفصیلات کے مطابق بحیرہ عرب میں بننے والا طوفان مزید طاقتور ہوگیا اور سائیکلون تیج انتہائی شدید طوفان میں تبدیل ہوگیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے ایک اور الرٹ جاری کردیا ، طوفان گوادر (بقیہ نمبر 50)

جامعہ کراچی سے ملنے والی نوجوان کی لاش کا پوسٹ مارٹم مکمل

کراچی (این این آئی) جامعہ کراچی کے ہاسٹل سے ملنے والی لاش کا پوسٹ مارٹم مکمل ہوگیا ہے اور اسپتال ذرائع نے بتایا کہ طالبعلم نہاتے ہوئے باتھ روم میں گرگیا جس سے اس کے سر پر چوٹ آئی اور اس کی موت واقع ہوگئی۔ گزشتہ روز جامعہ کراچی کے ہاسٹل(بقیہ نمبر 59)

انٹرنیشنل ریسٹورنٹ چین پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ریڈار پر آگیا

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل ریسٹورنٹ چین پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ریڈار پر آگیا۔ پی آر اے ترجمان کے مطابق ریسٹورنٹ چین کی جانب سے سیلز کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی کم کرنے کے ریکارڈ تحویل میں لے لیا گیا۔ کمشنر مصباح نواز کی ہدایت پر انفورسمنٹ آفیسر عمر فاروق اور سعود عتیق نے ماڈل ٹاؤن میں واقع ہیڈ آفس پر چھاپہ مار کر(بقیہ نمبر 60)

سموگ کا سبب بننے والی وہیکلز فوری بند کرنے کا حکم

ابراہیم مراد کی فیلڈ سٹاف کو متحرک رہنے، سموگی وہیکلز کے خلاف سخت ایکشن کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب ابراہیم مراد نے سموگ کا سبب بننے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کو فوری بند کرنے کا حکم دیتے ہوئے فیلڈ سٹاف کو متحرک رہنے اور سخت اقدامات کی ہدایت کی ہے اور کہا ہے کہ آلودگی پیدا کرنے والی ٹرانسپورٹ سے کوئی رعایت نہ برتی جائے اور انہیں فوری بند کیا جائے۔ ابراہیم مراد نے کہا کہ سموگ(بقیہ نمبر 58)

ڈاکٹر جمال ناصر میاں میر ہسپتال میں ہفتہ صحت کے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

ABC Certified | عوام کی بے ساختہ للکار | MEMBER WUDJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

پاکستان بھر میں 11 اضلاع سمیت بلوچستان، خیبر پی کے پنجاب اور سندھ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی ایک بار پھر تصدیق ہوئی ہے۔ وزارت قومی صحت کے حکام کے مطابق بلوچستان میں چمن، پشین اور کوئٹہ کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ خیبر پی کے میں بنوں کے ایک اور پشاور کے چار مختلف علاقوں کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس پایا گیا۔ سندھ میں کراچی کے علاقے کیماڑی اور ڈسٹرکٹ سینٹرل کے ماحولیاتی پولیو وائرس پایا گیا۔ پنجاب میں لاہور کے علاقے گلشن راوی کے ماحولیاتی نمونے میں بھی پولیو وائرس پایا گیا۔ پاکستان میں اب تک 54 ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ وزیر صحت نے کہا ہے کہ بچے ہمارا مستقبل ہیں اور حکومت پاکستان اس بات کو یقینی بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑے گی کہ معذوری کا باعث بننے والا پولیو وائرس کسی بھی طرح ان کی صحت کیلئے خطرہ نہ بنے۔

بے شک وزیر صحت کے بقول حکومت پاکستان کو پولیو فری بنانے کیلئے پرعزم ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ پولیو وائرس جس تیزی سے سر اٹھا رہا ہے وہ انتہائی تشویشناک ہے۔ ماضی میں پاکستان کا شمار پولیو فری ممالک میں ہوتا تھا مگر ایک سازش کے تحت پولیو کے قطروں سے متعلق منفی پراپیگنڈہ کرکے اور پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں پر دہشت گردانہ حملے کرکے پاکستان کو پولیو زدہ ملک بنانے کی کوشش کی جارہی ہے۔ اس وقت صرف ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق نہیں ہورہی اس سے متاثرہ کئی کیسز بھی سامنے آچکے ہیں جو حکومت کیلئے لمحہ فکریہ ہونا چاہیے۔ پولیو کیسز بڑھنے کی وجہ گاں دیہات حتیٰ کہ کئی شہروں میں بھی والدین اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے سے گریز کرتے ہیں۔ حکومت اور انتظامیہ کو پولیو قطروں کے حوالے سے عوام الناس میں پائے جانیوالے خدشات اور پھیلائے گئے پراپیگنڈے سے متعلق آگاہی پروگرام کا اہتمام کرنا چاہیے۔ یہ پروگرام مختلف فورمز اور ٹی وی چینلجز پر بھی منعقد کئے جاسکتے ہیں۔ اسکے علاوہ پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کو بھی مکمل تحفظ دینے کی ضرورت ہے تب ہی پاکستان کو پولیو فری ممالک کی صف میں شامل کیا جاسکتا ہے۔

عالمی راہداری فورم میں نگران وزیراعظم کی شرکت

تحریر۔۔اسداللہ غالب

ابن انشائے کہا تھا کہ چلتے ہوتو چین کو چلئے .... قریبی برادرانہ تعلقات کی وجہ سے یوں لگتا ہے کہ چین جیسی سپر طاقت ہمارے آنگن کا حصہ بن گئی ہے ۔ ہم ایک پاں خنجراب سے آگے رکھیں تو چین کی وسعتیں ہمیں خوش آمدید کہتی دکھائی دیتی ہیں۔ یہ تو اب محاورہ بن گیا ہے کہ پاکستان کی چین سے دوستی ہمالیہ کی چوٹیوں سے بلند، سمندروں سے زیادہ گہری، شہد سے زیادہ شیریں ہے ۔ ہمارے نگران وزیراعظم جناب انوارالحق کاکڑ بڑی تیزی سے عالمی شخصیات کی صف میں اپنی جگہ بنارہے ہیں۔ چین نے گذشتہ ہفتے عالمی اقتصادی راہداری کا چارروزہ فورم منعقد کیا، جس میں دنیا کے چالیس ممالک کے سربراہان نے شرکت کی۔ اس فورم میں شرکت کیلئے نگران وزیراعظم بیجنگ پہنچے تو ان کا پرتپاک خیر مقدم کیا گیا۔ راہداری فورم کے سربراہی اجلاس سے ہٹ کر جناب انوارالحق کاکڑ صاحب نے کئی ممالک کے صدور و وزرائے اعظم سے ون ٹو ون ملاقاتیں کیں۔ چینی وزیراعظم کے ساتھ بھی ان کی ملاقات ایک یادگار تاریخی حیثیت اختیار کرگئی ہے۔ کیونکہ اس ملاقات میں دوطرفہ تعاون کے کئی معاہدوں پر دستخط ہوئے۔

عوامی جمہوریہ چین بڑی خاموشی مگر تیزی سے عالمی سپر پاور بننے کا سفر طے کررہاہے۔ وہ عالمی تنازعات میں الجھنے کا روادار نہیں، بلکہ تجارتی روابط کے ذریعے اپنے خارجہ تعلقات کو وسعت دے رہا ہے۔ اس نے دنیا بھر کے تین براعظموں کو آپس میں مربوط کرنے اور زمینی، فضائی، بحری طور پر جوڑنے کیلئے ایک عظیم الشان منصوبہ ترتیب دیا، جس کے تحت منصوبے میں شامل ممالک میں شاہراہوں اور ریلوے کا جال بچھ جائیگا۔ چین نے کاروبار کو سفارتی ہتھیار کے طور پر استعمال کیا ہے ۔ اس عالمی اقتصادی راہداری کے ذریعے چین دنیا بھر کی سب سے بڑی بزنس ایمپائر بن جائے گا۔ پاکستان کا اس منصوبے میں کردار کلیدی نوعیت کا ہے۔ جسے سی پیک کا نام دیا گیا ہے ۔ سی پیک کے اس عظیم منصوبے کے ذریعے چین کا زمینی رابطہ پاکستان میں گوادر کی گہرے پانیوں کی بندرگاہ سے قائم ہوجائے گا۔ سی پیک اصل میں صدیوں کے خوابوں کی تعبیر ہے ۔ یہ خواب شاہراہ ریشم کے ذریعے سفر کرنے والے اونٹوں کے قافلوں نے دیکھے، اب اسی شاہراہ ریشم کو ایک جدید ترین آل ویدر سڑک کے طور پر تعمیر کیا جارہا ہے۔ اور اسے پاکستان کے ساحل پر گوادر کی بندرگاہ سے جوڑ دیا گیا ہے۔

منصوبے کے تحت سی پیک کے راستے پر جگہ جگہ تجارتی زون قائم کئے جائینگے ۔ جہاں چین کی بڑی بڑی فرمیں سرمایہ کاری کیلئے تیار کھڑی ہیں۔ چین میں منعقدہ عالمی راہداری فورم میں 140 ممالک کے سربراہان نے خطاب کئے ۔ پاکستان کے نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کے خطاب میں بنیادی نکتہ یہ تھا کہ اس راہداری فورم کے ذریعے کاروبار کو وسعت دینے کے ساتھ ساتھ تہذیبوں اور قوموں کا آپس میں ملاپ بھی ہوگا۔ دنیا کے ایک بڑے حصے میں نیا معاشرتی کلچر ظہور پذیر ہوگا۔

نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے مشترکہ مستقبل کے ساتھ ایک عالمی کمیونٹی کی تشکیل کیلئے صدر شی کے وژن اور بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو کو سراہتے ہوئے پاکستان میں نئے اقتصادی مواقع پیدا کرنے میں سی پیک کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے نقل و حمل، توانائی اور ڈیجیٹل معیشت میں سرمایہ کاری کرکے ترقی پذیر دنیا میں بنیادی ڈھانچے کے خلا کو دور کرنے کی فوری ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے چینی صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم لی کیانگ کے ساتھ ساتھ چین کی کمیونسٹ پارٹی کی سینئر قیادت سے بھی ملاقاتیں کیں اور دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کیلئے ممکنہ پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ نگران وزیراعظم نے روسی فیڈریشن کے صدر ولادیمیر پوٹن سے بھی ملاقات کی۔ دونوں رہنماں نے تجارت، سرمایہ کاری اور توانائی پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے دوطرفہ تعاون کا جائزہ لیا اور پاکستان روس تعلقات میں مسلسل توسیع پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے یوریشیائی رابطوں کو بڑھانے کے امکانات اور ریل، سڑک اور توانائی کی راہداریوں کے ذریعے علاقائی انضمام میں پاکستان کے اہم کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا، اس تاریخی موقع پر نگران وزیراعظم نے قازقستان کے صدر قاسم جومارٹ توکایف اور سری لنکا کے صدر رانیل وکرماسنگھے سے ملاقات کی۔ انہوں نے تیسرے بیلٹ اینڈ روڈ فورم کے موقع پر اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے بھی ملاقات کی اور غزہ کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

اسکے علاوہ وزیراعظم نے چین کی سرکردہ کمپنیوں کے سربراہان سے ملاقاتیں کیں اور انکے کارپوریٹ ایگزیکٹوز کی پاکستان میں سرمایہ کاری کے وسیع امکانات کو تلاش کرنے کی ترغیب دی۔ ان چینی کاروباری اداروں میں ایم سی سی، چائنا کمیونیکیشن کنسٹرکشن کمپنی، چائنا روڈ اینڈ برج کارپوریشن، عامر انٹرنیشنل گروپ، پاور چائنا، چائنا انرجی اور چائنا گیزوبا گروپ کے سی ای اوز اور ایگزیکٹوز شامل تھے ۔ وزیراعظم نے چینی تاجروں کو معاشی اور مالی استحکام کیلئے پاکستان کے اقدامات سے آگاہ کیا اور پاکستان کی سرمایہ کار دوست پالیسیوں کا خاکہ پیش کیا۔ جس میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کا قیام بھی شامل ہے، جو غیر ملکی سرمایہ کاری کی سہولت کیلئے ون ونڈو پلیٹ فارم کے طور پر کام کرے گی۔ دورے کے دوران یونائیٹڈ انرجی گروپ آف چائنہ اور پاکستان ریفائنری لمیٹڈ نے پیٹرولیم سیکٹر میں 1.5 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کیلئے مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کیے۔ یہ ایم او یو ریفائنری کی پٹرول کی پیداواری صلاحیت کو 250,000 میٹرک ٹن سے 1.6 ملین میٹرک ٹن اور ہائی اسپیڈ ڈیزل کو 0.6 ملین میٹرک ٹن سے 2 ملین میٹرک ٹن تک بڑھانے میں مدد کریگا۔ دورے کے دوران فریقین نے 20 معاہدوں اور مفاہمت ناموں پر دستخط کیے، جن میں بی آر آئی، انفراسٹرکچر، کان کنی، صنعت، سبز ترقی، صحت، خلائی تعاون، ڈیجیٹل، ترقیاتی تعاون اور چین کو زرعی مصنوعات کی برآمدات شامل ہیں۔

نگراں وزیراعظم نے چین میں تیسرے بیلٹ اینڈ روڈ فورم میں شرکت کرنیوالے عالمی رہنماں کیلئے صدر شی جن پنگ کی جانب سے دی گئی سرکاری ضیافت میں بھی شرکت کی۔ عظیم عوامی ہال میں منعقدہ ریاستی ضیافت میں روس، کینیا، ایتھوپیا، منگولیا، ہنگری، سری لنکا، قازقستان، ازبکستان، پاپوا نیوگنی، موزمبیق اور چلی کے سربراہان مملکت وحکومت نے شرکت کی۔ ضیافت میں صدر شی جن پنگ اور خاتون اول میڈم پینگ لی یوان نے وزیراعظم کا استقبال کیا۔ اس طرح نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ کے اس دورے نے چین اور پاکستان کے درمیان نئی قربتیں پیدا کی ہیں۔ جس سے پاکستان کے معاشی مستقبل پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔

کہاں سے چھیڑوں فسانہ کہاں تمام کروں

پرواز

راؤ محمد طاہر
raotahirisb@gmail.com

وہ میری طرف دیکھیں تو میں سلام کروں

مسلم لیگ ن کے قائد سابق وزیراعظم میاں نوازشریف کی چارسالہ کے بعد وطن واپسی ملکی سیاست کے لئے انتہائی اہم پیش رفت ہے- نوازشریف کی ملکی سیاسی منظرنامے سے دوری بلاشبہ ایک طرح کے سیاسی خلاء کا موجب رہی اور اس کے ملک کی سیاست کے علاوہ مسلم لیگ ن پر منفی اثرات بھی کسی سے ڈھکے چھپے نہیں سابق وزیراعظم نواز شریف کی واپسی مجموعی طور پر ملکی سیاست اور جمہوریت کے لئے کس قدر خوشگوار اور مسلم لیگ ن کی سیاست کے لئے کس حد تک نیک فال ثابت ہوتی ہے اس کا جواب آئندہ چندروز میں مل جائے گا- نوازشریف کا وطن واپسی اور کم وبیش چھ سال بعد کسی عوامی جلسے سے خطاب نہ صرف وقت کی ضرورت بلکہ انتہائی جذباتی مناظر سے بھی بھر پور تھا ان کا یہ کہنا کہ 'ہمیں ملک بدر 'جیلوں میں ڈالا 'رانا ثناء اللہ 'حنیف عباسی کو سزائے موت دینے کے چکر میں تھے کسی نے مسلم لیگ کا جھنڈا نہیں چھوڑا ' کون ہے جو ہر چند سالوں بعد نواز کو قوم سے جدا کردیتا ہے ' ہمارے زخمیوں کو نہ چھیڑو 'اتنے آنسو نکلیں گے کہ طوفان آجائے گا 'والدہ کو قبر میں نہ اتار سکا 'بیمار بیوی کا حال پوچھنا چاہتا تھا جیل افسر نے فون نہ کرنے دیا 'قید خانے میں انتقال کی اطلاع ملی نواز شریف کی دلی کیفیت کو بیان کرنے کے لئے کافی ہیں- دوران خطاب سابق وزیراعظم کا یہ کہنا کہ ان کے دل میں انتقام کی کوئی تمنا نہیں 'ملک کی موجودہ سیاسی صورت حال میں انتہائی مثبت پیش رفت اور نفرت کی سیاست کے خاتمے کی جانب درست قدم ہے- ہمارے بزرگوں 'ماؤں 'بہنوں' بیٹیوں 'نوجوانوں کے لئے پاکستان ایک ان دیکھی جنت تھا لیکن آج 75 سال گزرنے کے بعد جب پیچھے مڑ کر دیکھتے ہیں کہ آزادی کے جس تصور کے تحت ہم نے آگ اور خون کے دریا پار کئے تھے اس کا کہیں دور دور تک نام ونشان تک نہیں ملتا- پاکستان معاشی 'آئینی اور جمہوری لحاظ سے ایک مستحکم ملک بن سکا اور نہ ہی پاکستان کی مختلف اکائیوں کے لوگ ایک منظم قوم کی شکل اختیار کرسکے- حالت یہ ہے کہ اس وقت پاکستان خطے کا معاشی 'سیاسی' جمہوری اور داخلی استحکام کے حوالے سے پسماندہ ترین ملک بن چکا ہے- بیرون ملک پاکستان کی پہچان معاشی طور پر تباہ حال 'مذہبی وسیاسی انتہاء پسندی اور بنیادی جمہوری حقوق سے محروم مفلوک الحال لوگوں کے ملک کی ہے سیاسی ناپختگی 'انا اور ذاتی سیاسی مفادات کے بوجھ تلے دبی سیاست اور جمہوریت دونوں خوار ہورہی ہیں- جمہوری رویوں میں انانیت اور نااتفاقی کے نتیجے میں ملک کو بحران در بحران 'مسائل اور مشکلات کا سامنا ہے اور ملک کے 23 کروڑ عوام بیچارگی کی تصویر بنے ہوئے ہیں ملک کی موجودہ صورت حال سیاسی قیادت سے اتحاد واتفاق کا تقاضا کررہی ہے مگر صد افسوس کہ اقتدار کی حرص اور قومی کے بجائے سیاسی مفادات کی جنگ نے ان کے کان اور آنکھیں بند کررکھی ہیں وہ وطن عزیز کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات سے نبرد آزما ہونے اور ارض پاک کے دشمنوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے کے لئے متحد ہونے کو تیار نہیں سیاست دانوں کی باہمی لڑائی کے باعث پورا سیاسی ماحول بدنظمی اور عدم استحکام کا شکار ہوچکا ہے -پاکستان اس وقت گھمبیر سیاسی ' اقتصادی 'معاشی اور سماجی مسائل کا شکار ہے اور اس بات کا اندازہ لگانا مشکل ہوتا جارہا ہے کہ کون سا مسئلہ زیادہ سنگین اور ملک وقوم کے مستقبل کے لئے خطرناک ہے- ملک کی ڈوبتی اقتصادی ناؤ کو بحفاظت کنارے لگانے کے لئے انتشار 'افراتفری اور تصادم کی نہیں افہام وتفہیم کے ساتھ معاملات کو آگے بڑھانے کی ضرورت ہے ملک میں جاری سیاسی عدم استحکام معاشی استحکام کی راہ میں بھی سب سے بڑی رکاوٹ ہے ہمارے سیاسی قائدین کو خود احتسابی کی اشد ضرورت ہے وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس وادراک کریں اور ملک میں سیاسی استحکام پیدا کرنے کے لئے اخلاص نیت کے ساتھ کوشش کریں اور ایثار کا مظاہرہ کرتے ہوئے رواداری اور برداشت کے کلچر کو فروغ دیں- نوازشریف نے ایک جہاندیدہ اور گرم و سرد چشیدہ حکمران اور ایک ماہر سیاسی طبیب کی حیثیت سے مینار پاکستان پر جلسہ عام سے خطاب میں پاکستانی سیاست کے بیشتر امراض کی درست تشخیص کی ہے مگر انہوں نے ان امراض کا کوئی علاج تجویز نہیں کیا- معیشت کے حوالے سے بہت سی نیک خواہشات کا ذکر تو کیا مگر یہ نہیں بتایا کہ معاشی ابتری سے خوش حالی کی جانب واپسی کا سفر کیسے طے ہوگا- سابق وزیراعظم نواز شریف کا یہ کہنا کہ سیاسی جماعتوں 'ریاستی اداروں اور ستونوں کو مل کر کام کرنا ہوگا اس کے بغیر ملک آگے نہیں جاسکتا وقت کی آواز ہے جمہوریت حوصلہ برداشت اور عوام کی رائے عامہ کے احترام کا نام ہے، اگر پاکستان نے آگے بڑھنا ہے تو سیاسی قائدین 'ریاستی اداروں اور ستونوں کو عدم برداشت اور میں نہ مانوں کے رویے کو ترک کرنا ہوگا- سیاست مکالمے اور لچک کا دوسرا نام ہے- اب بھی وقت ہے تمام سیاست دان ایک قومی مکالمے کے لئے مل بیٹھیں- اگر سب سیاست دان وسیع تر قومی مفاد میں مل جل کر ملک میں خوشگوار ماحول پیدا کرلیں گے تو ہماری مشکلات میں واضح کمی ہوجائے گی اور ملک بھی انشاءاللہ تعالیٰ بحرانوں سے نکل جائے گا اور اس ضمن میں سب سے زیادہ ذمہ داری خود سابق وزیراعظم نواز شریف پر عائد ہوتی ہے کہ وہ تمام سیاسی قائدین بشمول چیئرمین تحریک انصاف کے ساتھ مل بیٹھ کر ملک میں برداشت 'رواداری اور خوشگوار ماحول پیدا کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کریں- میاں نوازشریف نے مینار پاکستان کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ملکی مسائل کے حل کا جو اجمالی خاکہ پیش اور مل بیٹھنے کی جس خواہش کا اظہار کیا ہے ضروری ہے کہ دوسری سیاسی جماعتیں بالخصوص تحریک انصاف بھی اسی طرح کے جذبات کا اظہار کرے 'سیاست میں محدود نظر اور تھوڑے سے ذاتی مفاد کے بجائے ملک کے وسیع تر مفاد کی سوچ کو اپناتے ہوئے ان کی پیش کش کا مثبت جواب دے چار سال بعد وطن واپس آنے اور چھ سال بعد کسی عوامی جلسے سے خطاب کرنے والا نوازشریف وہ نہیں جو چھ سال قبل سیاسی منظرنامے سے دور ہوا تھا- قید و بند 'مقدمات اور جلا وطنی کے تجربات اور مشکلات سیاسی فہم کو جلا بخشتے ہیں- ضروری اس بات کی ہے کہ سابق وزیراعظم میاں نوازشریف نے مینار پاکستان میں عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انتقام کی سیاست کو رد اور ملک وقوم کی خدمت کرنے کے جس جذبے کا اظہار کیا ہے اس کو ماند نہ پڑنے دیں- نوازشریف کی مینار پاکستان پر کی جانے والی تقریر ملکی سیاست کی بہترین 'جامع اور متوازن تقریر تھی جس میں انہوں نے اپنے ذاتی دکھ کے لئے اشعار کا سہارا بھی لیا 'اپنے دور حکومت کے حالات کا احاطہ بھی کیا 'شہباز شریف کے دور حکومت کا دفاع بھی کیا- موجودہ کٹھن حالات کا جائزہ بھی لیا اور آنے والے وقت میں ترقی اور خوش حالی کا حصول یقینی بنانے کا پروگرام بھی پیش کیا ہے- نواز شریف کے خطاب کی سب سے بہترین بات یہ تھی کہ انہوں نے اپنی جماعت کو گالی کا جواب گالی سے دینے سے منع کردیا ہے- ملک میں سیاسی تفریق جس قدر بڑھ چکی ہے اس میں یہ پیغام دینا انتہائی ضروری تھا- سوال یہ ہے کہ دوسری جماعتیں بھی اس کی تقلید کریں گی یا نہیں؟ مسلم لیگ کے قائد نے پوری تقریر میں اپنے حریف چیئرمین پی ٹی آئی کا نام لینے سے گریز کیا اور ان پر کھلے عام تنقید نہیں کی یہ ایک اچھی روایات ہے سیاسی حریت کا احترام ناگزیر ہے - امید ہے کہ عوامی جذبات کو چھونے والا ان کا بیانیہ نہ صرف مسلم لیگ ن کی سیاسی مہم میں بھی ایک نئی جان ڈالنے کا سبب ثابت ہوگا بلکہ جماعت کو مقبولیت کی نئی بلندیوں پر بھی پہنچانے کا باعث بنے گے۔

SHOWBIZ شوبز

کیا پھوپھیاں عجیب سوال نہیں پوچھتیں؟ یاسر حسین نے نادر علی کی حمایت کردی

نادر علی کو پسند کرنے والے بہت لوگ ہیں اور وہ اپنی فیلڈ میں اچھا کام کررہا ہے

لاہور (پینانیوز) پاکستانی اداکار یاسر حسین معروف یوٹیوبر اور کامیڈین نادر علی کی حمایت میں سامنے آگئے۔ ایک تازہ انٹرویو میں اداکار نے جدید دور میں کامیڈی فنکاروں کو پیش آنے والے چیلنجز پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نادر علی کو پسند کرنے والے بہت لوگ ہیں اور وہ اپنی فیلڈ میں اچھا کام کررہا ہے۔ اداکار کا کہنا تھا کہ عجیب سوال پوچھنے پر نادر علی کو بہت بری طرح ٹرول کیا گیا لیکن ایسے سوالات تو پھوپھیاں بھی پوچھتی ہیں۔ انہوں کہا کہ آج کل لوگوں کے لطیفوں پر جذبات مجروح ہوجاتے ہیں اور پہلے ایسا نہیں ہوتا تھا اور اب بھی ایسا نہیں ہونا چاہیے۔

جھلملاتے اور جگمگاتے شہر مانچسٹر میں پاکستانی فنکاروں کا میلہ!!

عتیقہ اوڈھو' احسن خان' حمائمہ ملک' کوبل میر' یشما گل' حبا بخاری دیگر اہم فنکاروں کی شرکت

مانچسٹر (این این آئی) جھلملاتے اور جگمگاتے شہر مانچسٹر کی رونق میں اس وقت اضافہ دیکھنے میں آیا، جب پانچویں بین الاقوامی پاکستان پرسٹیج ایوارڈ (آئپا) نے اپنی پروقار تقریب منعقد کی۔ پاکستانی شوبز انڈسٹری کے ٹیلنٹ، گلیمر اور کامیابیوں کے اعتراف میں منعقد کیے جانے والے یہ پانچویں ایوارڈز شاندار اور رنگارنگ ایوارڈز تھے۔ آئپا کا ریڈ کارپٹ خوبصورت ڈریسز میں ملبوس مشہور و معروف شخصیات کی کہکشاں سے سجا ہوا تھا۔ ایوارڈ کی تقریب کے جگمگاتے ستاروں کی فہرست میں عتیقہ اوڈھو، احسن خان، حمائمہ ملک، علی رحمن، کوبل میر، یشما گل، حبا بخاری، احمد علی بٹ، اظفر رحمن، منشا پاشا، امر خان، عدنان صدیقی، ہمایوں سعید، نازش جہانگیر، ہانیہ عامر، شیراز اپل، مہوش حیات، شہریار منور صدیقی، عائشہ عمر اور سیدہ طوبیٰ انور سمیت بہت سے دیگر نام شامل تھے۔ اس خوبصورت شام کا آغاز پاکستان اور برطانیہ کے قومی ترانوں سے کیا گیا۔ ایوارڈز کی یہ تقریب دلکش پرفارمنسز، دل میں اتر جانے والی تقاریر اور تفریحی لمحات سے سجی ہوئی تھی۔

سوشل میڈیا پر منفی تبصرے ذہنی تنا کا سبب بنتے ہیں، مریم نفیس

پریگنینسی کی تصاویر پر سوشل میڈیا پر لوگوں نے اتنے منفی تبصرے کیے

کراچی (پینانیوز) اداکارہ مریم نفیس کا کہنا ہے کہ سوشل میڈیا پر منفی تبصرے ذہنی تنا کا سبب بنتے ہیں۔ اداکارہ مریم نفیس کا ایک انٹرویو میں کہنا تھا کہ سوشل میڈیا پر ایک فوٹو شوٹ وائرل ہونے کے بعد سامنے آنے والے منفی تبصروں نے ذہنی دبا کا شکار کردیا تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ اپنی بیٹی کی پیدائش سے قبل اپنے فینز اور چاہنے والوں کو ایک فوٹو شوٹ کے ذریعے حاملہ ہونے کی اطلاع دی تھی تاہم اس پر آنے والا ردعمل حیران کن اور پریشان کردینے والا تھا۔ مریم نفیس نے کہا کہ پریگنینسی کی تصاویر پر سوشل میڈیا پر لوگوں نے اتنے منفی تبصرے کیے کہ ذہنی طور پر پریشان ہوکر سوشل میڈیا اکاؤنٹ بند کرنا پڑا۔

فیصل قریشی 26، ریما خان 27 اکتوبر کو سالگرہ منائیں گے

ریما نے ہدایتکار جاوید فاضل کی فلم "بلندی" سے اپنے کریئر کا آغاز کیا

مکوآنہ (این این آئی) نامور اداکار فیصل قریشی 26 اور اداکارہ ریما خان 27 اکتوبر کو اپنی سالگرہ منائیں گے۔ 26 اکتوبر 1974ء کو لاہور میں پیدا ہونے والے فیصل قریشی کا شمار کراچی کی شوبز انڈسٹری کے مصروف ترین اداکاروں میں ہوتا ہے۔ انہوں نے اپنے فنی کیریئر کا آغاز پی ٹی وی لاہور سنٹر سے کیا اور بعد ازاں فلموں میں بھی اداکاری کی۔ جس کے بعد وہ مستقل طور پر کراچی منتقل ہو گئے جہاں ان کو بے پناہ کامیابیاں ملیں۔ ریما خان 27 اکتوبر 1971 کو پیدا ہوئیں۔ ریما نے ہدایتکار جاوید فاضل کی فلم "بلندی" سے اپنے کریئر کا آغاز کیا۔

افغان فنکاروں کا بے دخلی کو چیلنج کردیا

پشاور (پینانیوز) افغان فنکاروں نے پاکستان سے بے دخلی کو پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کردیا۔ افغان فنکاروں نے پاکستان سے بے دخلی خلاف پشاور ہائیکورٹ میں دائر درخواست میں موقف اختیار کیا کہ حکومت پاکستان نے یو این ایچ سی کے ساتھ 2003 میں معاہدہ کیا تھا جس کے تحت پاکستان افغان مہاجرین کو جبری طور پر ملک سے نہ نکالنے کا پابند ہے۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ اس معاہدے میں افغانستان کی حکومت بھی شامل ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے مطابق بھی افغان مہاجرین کو وہ حقوق حاصل ہیں جو پاکستانیوں کو ہیں۔

چاہت فتح علی خان کی مہوش حیات کیلئے چاہت پر عوام سیخ پا

سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو صارفین کو زیادہ پسند نہ آئی، غیر رسمی گفتگو پر سیخ پا ہو گئے

لاہور (این این آئی) استاد نصرت فتح علی خان کے مداح شوقین گلوکار استاد چاہت فتح علی خان نے پاکستانی خوبرو اداکارہ مہوش حیات خان سے لائیو شو کے دوران اپنی چاہت کا اظہار کیا تو عوام سیخ پا ہو گئے۔ بہتر مستقبل کی تلاش میں برطانیہ میں مقیم سوشل میڈیا پر مقبول چاہت فتح علی خان کو حال ہی لندن میں منعقد ہونے والے پاکستانی ایوارڈ شو میں بطور مہمان مدعو کیا گیا۔ مذکورہ ایوارڈ شو کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا کی زینت بنی ہوئی ہے، جس میں انہیں اسٹیج پر اداکارہ مہوش حیات کے ساتھ چھیڑ چھاڑ کرتے اور اداکارہ کو شرماتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

تاریخی ویب سیریز صلاح الدین ایوبی کا ٹیزر جاری

عدنان صدیقی نے انسٹاگرام پر ویب سیریز کا ٹیزر شیئر کیا

کراچی (پینانیوز) پاکستان اور ترکیہ کے فنکاروں کے اشتراک سے بننے والی ویب سیریز فاتح القدس صلاح الدین ایوبی کا ٹیزر جاری کردیا گیا۔ نئی ویب سیریز اسلامی تاریخ کے مشہور حکمران اور فوجی کمانڈر سلطان صلاح الدین ایوبی کی زندگی پر مبنی ہے جنہوں نے بیت المقدس کو فتح کیا تھا۔ فلم میں صلاح الدین ایوبی کا مرکزی کردار ترکیہ اداکار اوور گونیش ادا کررہے ہیں جبکہ پاکستان سے اس میں عدنان صدیقی، ہمایوں سعید، کاشف انصاری، جنید علی شاہ اور دیگر شامل ہیں۔ عدنان صدیقی نے انسٹاگرام پر ویب سیریز کا ٹیزر شیئر کیا اور ناظرین کو تاریخ کے ایک اہم حصے کے شاندار تجربے کیلئے تیار رہنے کی خبر دی۔ تاریخی ویب سیریز کیلئے ایک بڑا سیٹ لگایا گیا ہے جس میں دمشق کے قدیم شہر کا مکمل منظر بنایا گیا۔

SPORTS سپورٹس

کپتان بابراعظم نے افغان اوپنر کو بیٹ تحفے میں دیدیا

رحمان اللہ گرباز کی جارحانہ اوپننگ بلے بازی نے پاکستان بالرز اور فیلڈرز کو محتاط کردیا تھا

چنئی (پینانیوز) آئی سی سی ورلڈکپ میں پاکستان کو اپ سیٹ شکست دینے والی افغان ٹیم کے اوپنر رحمان اللہ گرباز کو قومی ٹیم کے کپتان بابراعظم نے اپنے بیٹ تحفے میں دیدیا۔ سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر) ایکس (پر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (نے تصویر شیئر کی، جس میں کپتان بابراعظم افغان اوپنر رحمان اللہ گرباز کو اپنا بیٹ تحفے میں پیش کررہے ہیں۔ پاکستان کے خلاف میچ میں افغان اوپنر رحمان اللہ گرباز کی جارحانہ اوپننگ بلے بازی نے پاکستان بالرز اور فیلڈرز کو محتاط کردیا تھا، جس سے انہیں باآسانی رنز بنانے کا موقع ملا۔ رحمان اللہ گرباز نے پاکستان کے خلاف 53 گیندوں پر 9 چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 65 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ یہ پہلا موقع تھا کہ ون ڈے فارمیٹ میں افغانستان نے پاکستان کو شکست دی۔

پاکستان اور بنگلہ دیش ویمنز کے درمیان پہلا ٹی ٹونٹی کرکٹ آج ہوگا

دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 27 اکتوبر جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 29 اکتوبر کو کھیلا جائے گا

چٹوگرام (این این آئی) بنگلہ دیش اور پاکستان کی خواتین ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ (آج) بدھ کو کھیلا جائے گا۔ بنگلہ دیش کے دورے پر موجود پاکستان کی ویمن ٹیم میزبان بنگلہ دیشی ٹیم کے خلاف تین ٹی ٹونٹی اور تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ تین ون ڈے میچوں کی سیریز آئی سی سی چیمپئن شپ کا حصہ ہوگی۔ بنگلہ دیش اور پاکستان کی ویمنز ٹیموں کے درمیان تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کا پہلا میچ (آج) بدھ کو ظہور احمد چوہدری سٹیڈیم، چٹوگرام میں کھیلا جائے گا۔ تین میچوں کی سیریز کا دوسرا ٹی ٹونٹی میچ 27 اکتوبر جبکہ تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 29 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔ تینوں ٹی ٹونٹی ڈے اینڈ نائٹ ہوں گے اور فلڈ لائٹس میں کھیلے جائیں گے، میچز ظہور احمد چوہدری سٹیڈیم، چٹوگرام میں کھیلے جائیں گے جس کے بعد پاکستان کی ویمن ٹیم ڈھاکہ پہنچے گی جہاں وہ تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ ون ڈے سیریز کا پہلا میچ 4 نومبر، دوسرا 7 نومبر جبکہ تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 10 نومبر کو کھیلا جائے گا۔ تینوں میچز ڈے ہوں گے اور شیر بنگلہ نیشنل سٹیڈیم، ڈھاکہ میں کھیلے جائیں گے۔



پانچویں گوادر آف روڈ ریلی 2023 کامیابی سے اختتام پذیر

پرسکون ماحول اور مقامی باشندوں کے خوش آمدید جذبے کو اجاگر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) گوادر کے دلکش مناظر کے مرکز میں واقع پانچویں گوادر آف روڈ ریلی 2023 شاندار کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہوئی جس میں پرسکون ماحول اور مقامی باشندوں کے خوش آمدید جذبے کو اجاگر کیا گیا۔ گوادر پرو کے مطابق گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی (جی ڈی اے) اور بلوچستان موٹر اسپورٹس ایسوسی ایشن نے حکومت پاکستان اور پاک فوج کے تعاون سے ایونٹ کا انعقاد کیا۔ پری پیڈ کیٹیگری کا اختتامی مرحلہ اتوار کو ہوا جس میں مقامی اور بین الاقوامی ریسرز کا متحرک امتزاج پیش کیا گیا۔

افغانستان کے خلاف اچھی کرکٹ نہیں کھیلی، قومی کپتان

ورلڈکپ کے باقی تمام میچز جیتنے کی پوری کوشش کریں گے، بابراعظم

احمدآباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابراعظم نے کہا ہے کہ افغانستان کے خلاف میچ میں ہم نے اچھی کرکٹ نہیں کھیلی، بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ اچھی نہیں تھی۔ افغانستان کے خلاف میچ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے بابراعظم نے کہا کہ شکست سے ٹیم کو دکھ ہوا، ہمارا ٹوٹل اچھا تھا لیکن باؤلنگ میں ہم اچھا نہیں کرسکے کیونکہ ہمارے سپنرز مڈل اوورز میں وکٹیں نہیں لے پائے۔ ورلڈکپ میں اگر آپ کسی ایک شعبے میں بھی کمزور ہیں تو میچ میں واپسی ممکن نہیں ہوسکتی۔

اسلام آباد نیشنل جونیئر ٹینس چیمپئن شپ شروع ہوگئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد نیشنل جونیئر ٹینس چیمپئن شپ پی ٹی ایف ٹینس کمپلیکس، اسلام آباد میں شروع ہو گئی ہے۔ پاکستان ٹینس فیڈریشن کے سینئر نائب صدر سعید خان نے پاکستان ٹینس فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل کرنل ریٹائرڈ گل رحمان کے ہمراہ چیمپئن شپ کا افتتاح کیا۔ ٹورنامنٹ میں 100 سے زائد مرد اور خواتین کھلاڑی 9 کیٹگریز کے مقابلوں میں حصہ لے رہے ہیں۔ چیمپئن شپ میں گرلز انڈر 18 سنگلز، گرلز انڈر 12 سنگلز، گرلز انڈر 10 سنگلز، بوائز انڈر 18 سنگلز، بوائز انڈر 14، بوائز انڈر 12، بوائز انڈر 10 سنگلز، بوائز انڈر 18 ڈبلز اور بوائز انڈر 14 ڈبلز شامل ہیں۔

سعودی عرب کا ای سپورٹس ورلڈکپ ٹورنامنٹ کا اعلان

ای سپورٹس ورلڈکپ ٹورنامنٹ 2024 کے موسم گرما میں ریاض میں منعقد ہوگا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے سعودی عرب میں ای سپورٹس ورلڈکپ ٹورنامنٹ برائے الیکٹرانک گیم کا اعلان کردیا ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق سعودی عرب میں ای سپورٹس ورلڈکپ ٹورنامنٹ 2024 کے موسم گرما میں ریاض میں منعقد ہوگا جو ہر سال سعودی عرب کی میزبانی میں منعقد کیا جائے گا۔ سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے ورلڈکپ ٹورنامنٹ برائے الیکٹرانک کھیل اسٹیبلشمنٹ کا بھی اعلان کیا ہے جبکہ یہ غیر منافع بخش ادارہ ہوگا۔

ویمنز بگ بیش لیگ کا دسواں میچ (آج) کھیلا جائے گا

پرتھ (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا (سی اے) کے زیر اہتمام ویمنز بگ بیش لیگ کا نواں ایڈیشن میں (آج) بدھ کو ایک میچ کا فیصلہ ہوگا جس میں پرتھ سکارچرز اور ہوبارٹ ہریکنز کی خواتین ٹیمیں ڈبلیو، اے، سی، اے گراؤنڈ، پرتھ کے مقام پر آمنے سامنے ہوں گی۔ ٹورنامنٹ میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے پنجہ آزمائی کررہی ہیں۔

اینڈی مرے کا بیسل اوپن ٹینس مینز سنگلز کا فاتحانہ آغاز

سٹریٹ سیٹس میں 7-5 اور 6-4 سے شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کردیا

بیسل (پینانیوز) انگلینڈ کے بین الاقوامی شہرہ آفاق ٹینس سٹار اینڈی مرے سوئس انڈورز بیسل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ انہوں نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں حریف جرمن ٹینس کھلاڑی یانک ہنف مین کو شکست دی۔ اے ٹی پی کے زیر اہتمام سوئس انڈورز بیسل اوپن ٹینس ٹورنامنٹ سوئٹزرلینڈ کے شہر بیسل میں جاری ہے۔ مردوں کے سنگلز مقابلوں کے پہلے راؤنڈ میں انگلینڈ کے اینڈی مرے نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایونٹ کے لئے کوالیفائی کرنے والے جرمن کھلاڑی یانک ہنف مین کو سٹریٹ سیٹس میں 7-5 اور 6-4 سے شکست دے کر نہ صرف ٹورنامنٹ کا فاتحانہ آغاز کر دیا بلکہ دوسرے راؤنڈ کے لئے بھی کوالیفائی کرلیا۔

گمبھیر نے پاکستان کی خامیوں کی نشاندہی کردی

ممبئی (پینانیوز) بھارتی کرکٹر اور کمنٹیٹر گوتم گمبھیر نے آئی سی سی ورلڈکپ میں پاکستان کی افغانستان کے خلاف شکست پر ٹیم کی خامیوں کی نشاندہی کردی۔ میگا ایونٹ کے آفیشل براڈ کاسٹر سے گفتگو کرتے ہوئے سابق بھارتی اوپنر گوتم گمبھیر نے کہا کہ ایشیا کپ سے ابتک پاکستان کی فیلڈنگ مسلسل مسائل کا شکار رہی ہے، انہوں نے بیٹنگ اور بالنگ میں آپکا برا دن ہوسکتا ہے لیکن فیلڈنگ میں نہیں، ورلڈکپ کے دوران بھی فیلڈنگ میں کوئی بہتری نظر نہیں آئی۔ گوتم گمبھیر نے بتایا پاکستان کا دوسرا مسئلہ انکا اسپن ڈیپارٹمنٹ ہے جو مسلسل وکٹیں لینے میں ناکام ہورہا ہے۔

بقیہ 1

مسروقہ موٹر سائیکل اور کار چوری کے آلات برآمد ہوئے، ملزم رضوان مائیکل کار چوری کی ایک درجن سے زائد وارداتوں میں جڑواں شہروں اور گوجرانولہ میں ریکارڈ یافتہ ہے، ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ ساتھیوں کے ہمراہ کار چوری کی واردات کے لئے نکلا تھا، ایس پی پوٹھوہار محمد وقاص خان نے بتایا کہ ملزمان کے دیگر 2 ساتھی فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے جن کی تلاش کے لئے آپریشن کیا گیا، واقعہ کی اطلاع پر سینئر پولیس افسران موقع پر پہنچ گئے، زخمی حالت میں گرفتار ملزم کو ہسپتال منتقل کیا گیا ہے،

بقیہ 2

معہ ایمونیشن برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیوں میں مزید تیزی لائی جارہی ہے۔

بقیہ 3

سوار ان کا بھائی ۔2 بہنوئی ۔کزن سمیت 7 افراد تھے ۔گاڑی نہر میں جانے کی وجہ سے گاڑی مکمل ڈوب گئی ۔جس وجہ سے شرافت علی خان اپنے ساتھیوں سمیت خالق حقیقی سے جاملے ۔ہم ان کی ناگہانی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں ۔اللہ پاک ان کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطاء فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل ۔امین ۔بھکر سے معروف شاعر۔ موسیقار مطلوب حسین مطلوب ۔سنگر ایاز احمد۔ نعیم عباس طبلہ نواز اور ظفر اعوان نے ان کی مغفرت کے لیے خصوصی دعا کی۔

بقیہ 4

نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی۔ کامیابی کا تناسب (84.43) فیصد رہا۔ کامیاب امیدواروں میں (563) نے "A1 " گریڈ، (1444) نے A" گریڈ، (1036) نے B گریڈ، (429) نے C گریڈ اور (36) نے D گریڈ میں کامیابی حاصل کی ۔اسی طرح پری میڈیکل گروپ میں (13295) امیدواروں نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی۔ کامیابی کا تناسب (88.96) فیصد رہا۔ کامیاب امیدواروں میں (2751) نے "A1 " گریڈ، (5359) نے A " گریڈ، (3110) نے B گریڈ ، (582) نے C گریڈ اور (25) نے D گریڈ میں کامیابی حاصل کی ۔سائنس جنرل گروپ میں (121) امیدواروں نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی ۔ کامیابی کا تناسب (72.73) فیصد رہا ۔کامیاب امیدواروں میں (2) نے "A1 گریڈ، (41) نے A" گریڈ، (32) نے B گریڈ، (12) نے C گریڈ اور (1) نے D گریڈ میں کامیابی حاصل کی ۔ آرٹس گروپ میں (717) امیدواروں نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی ۔ کامیابی کا تناسب (88.84) فیصد رہا۔ کامیاب امیدواروں میں (94) نے B گریڈ (385) نے C گریڈ، (154) نے D گریڈ اور (4) نے E گریڈ میں کامیابی حاصل کی ۔ کامرس گروپ میں (81) امیدواروں نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی ۔ کامیابی کا تناسب (88.89) فیصد رہا۔ کامیاب امیدواروں میں (8) نے B گریڈ، (42) نے C گریڈ اور (22) نے D گریڈ میں کامیابی حاصل کی ۔اورینٹل گروپ میں (23) امیدواروں نے امتحانات میں شمولیت حاصل کی ۔ کامیابی کا تناسب (82.61) فیصد رہا۔ کامیاب امیدواروں میں (5) نے C گریڈ اور (14) نے D گریڈ میں کامیابی حاصل کی

بقیہ 5

آپ کا خیال تھا کہ اس طرح لوگ خوف زدہ ہو کر مزار پر جانا چھوڑ دیں گے، اللہ کے والیوں سے محبت اور عقیدت کے رشتے توڑ دیں گے اور یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا لیکن دیکھ لیں اللہ تعالی کے فضل وکرم سے رونق اسی طرح چل رہی ہے ۔یہ بات انھوں نے حاجی الیاس خان کی رہائش گاہ پر این این آئی کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ ان بم دھماکوں سے لوگ خوف زدہ ہونے کی بجائے میلاد کے پروگراموں میں زیادہ ری ایکشن طور پر آئیں گے اگر آپ اسکو اپنا موساھد سے جوڑیں تو اور بات ہے اہلسنت جماعت (بریلوی) پرامن جماعت ہے، وہ کسی بھی صورت ہتھیار نہیں اٹھائے گی، فرقہ واریت اور تشدد کی لہر جو تازہ کی جاتی ہے اس میں ہم حصہ کبھی نہیں بنیں گے، ہم پہلے بھی جنازے اٹھاتے رہے ہیں کیا مجھ پر قاتلانہ حملہ نہیں ہوا میں شدید زخمی ہو گیا میرا ڈرائیور اور گن مین موقع پر شہید ہوگئے، اسلام کا اصل چہرہ وہ ہے جو اولیا کرام کے وارث پیش کرتے ہیں جو اسلام کو دہشت گردی کی علامت بنا کر پیش کرنا چاہتے ہیں، ہمارا ان سے کوئی تعلق نہیں۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ نیشنل ایکشن پلان کو اپنی روح کے مطابق نہیں چلایا گیا جب آپکے کچھ لوگوں کے لئے نرم گوشہ پیدا ہو جائے یا یہ کہ آپکے مفادات کہیں اور وابستہ ہونے لگیں تو ظاہر ہے آپ اس طرح کام نہیں کر سکتے۔

بقیہ 6

واقع کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی شکر گڑھ کی نگرانی میں ٹیمیں تشکیل دے کر ملزم کی جلد از جلد گرفتاری کا ٹاسک دیا۔ جس پر ایس ایچ او تھانہ شاہ غریب نے اپنی ٹیم کے ہمراہ جدید ٹیکنالوجی کے زرائع اور ہیومن ریسورس استعمال کرتے ہوئے ملزم آصف مسیح کو 24 گھنٹوں میں ٹریس کر کے گرفتار کر لیا۔ ملزم پولیس کی حراست میں ہے جس سے مزید تفتیش جاری ہے ۔ڈی پی او نارووال نے کہا کہ ملزم کی تفتیش میرٹ پر کی جائے گی تا کہ ملزم کو سخت سے سخت سزا دلوائی جاسکے۔

بقیہ 7

سوئی گیس کی سہولت دستیاب نہیں وہاں کے رہائشی اس سہولت سے استفادہ کرسکتے ہیں۔ اس پلانٹ کے لیے دو سے ساڑھے بارہ ایکڑ زمین، گھر میں چھ افراد اور آٹھ مویشی ہونا لازم ہے ۔ چائنا سے درآمد کردہ اس پلانٹ کی کل لاگت تقریب سوا چار لاکھ روپے ہے جو تمام اخراجات حکومت پنجاب خود برداشت کرے گی۔ یہ پلانٹ بیس سال تک کی ضروریات کو پورا کر سکے گا۔ خواہشمند افراد متعلقہ ڈپٹی کمشنر دفتر میں اپنی درخواستیں جمع کروائیں گے۔ بائیو پلانٹ سے کھانا پکانے لیے گیس دستیاب ہوگی۔ اس ماحول دوست اقدام سے لکڑی کی بچت اور کھاد بھی دستیاب ہوگی۔ کمشنر محمد اجمل بھٹی نے اس منصوبہ کو اہلیان سرگودہا ڈویژن کے لیے انقلاب کا پیش خیمہ قرار دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنروں کو اونر شپ لینے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے اس منصوبہ کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن کو ڈویژنل فوکل پرسن مقرر کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنروں کو اپنا اپنا ایک فوکل پرسن بھی فوری مقرر کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے پہلے مرحلہ میں سرگودہا میں 90 جبکہ خوشاب، میانوالی اور بھکر میں 70، 70 پلانٹ لگانے کی منظوری دیتے ہوئے اخبار میں اشتہار شائع کرنے کی منظوری دی۔ ڈپٹی کمشنروں نے پنجاب حکومت کے اس منصوبے کا خیر مقدم کرتے ہوئے پلانٹ کی تعداد کو بڑھانے کی سفارش کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر سرگودہا کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی، ڈپٹی کمشنر خوشاب زیشان شبیر رانا، ڈپٹی کمشنر بھکر ڈاکٹر نور محمد اعوان، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل رانا شاہد عمران سمیت دیگر متعلقہ افسران شریک تھے۔

بقیہ 8

چرس، مندرہ پولیس نے ملزم جنید سے 2 کلو 800 گرام چرس، ملزم محمد سنان سے 1 کلو 600 گرام چرس، ملزم عبد اللہ سے 1 کلو400 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم واحد سے 1 کلو 650 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم ذیشان سے 1 کلو260 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم عادل سے 1 کلو250 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم روبنسن سے 660 گرام چرس، ملزم نبیل سے 520 گرام چرس، کلرسیداں پولیس نے ملزم نوید سے 580 گرام چرس، ملزم فیصل سے 570 گرام چرس، نیوٹاؤن پولیس نے ملزم منظور سے 240 گرام چرس، ملزم رومان سے 210 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔

بقیہ 9

خاتون مسافر نجی ایئر لائن کی پرواز کے ذریعے دبئی سے کراچی پہنچی تھیں۔ کسٹم کلیکٹریٹ کے انٹرنیشنل ارائیول پر تعینات عملے نے خاتون مسافر کو گرین چینل پر روکا، خاتون مسافر کی موجودگی میں ان کے سامان کی تلاشی لی گئی تو اس میں سے 4 عدد قیمتی آئی فون، 2 میک بکس، 8 قیمتی اسمارٹ واچز، 25 قیمتی ہینڈ بیگز، کاسمیٹک کا قیمتی سامان برآمد کر لیا گیا، تمام سامان کی مالیت 96 لاکھ روپے بتائی گئی ہے۔ کسٹم حکام کے مطابق خاتون مسافر کے خلاف کسٹم ایکٹ کے تحت کارروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔

بقیہ 10

اسلام آباد کیپٹل پولیس کے چاک وچوبند دستے ہائی سکیورٹی زون میں واقع اعلیٰ عدالتوں میں اہم مقدمات کی سماعت کے موقع پر موثر سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے اپنے فرائض منصبی سرانجام دے رہے ہیں، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو ہدایات دی کہ ہائی سکیورٹی زون میں اہم سرکاری دفاتر، اعلیٰ عدالتیں اور سفارت خانے واقع ہیں جن کی حفاظت کو یقینی بنانا ہے، تمام افسران و جوان امن وامان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے پوری تندہی سے اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں، دوران ڈیوٹی کسی قسم کی غفلت و لاپرواہی نہ برتی جائے، اسلام آباد کیپٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ یا "پکار- 15" پر اطلاع کریں۔

بقیہ 11

سے 01 کلو460 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم واحد سے 01 کلو 650 گرام چرس، ویسٹریج پولیس نے ملزم ذیشان سے 01 کلو 260 گرام چرس وارث خان پولیس نے ملزم عادل سے 01 کلو 250 گرام چرس برآمد کی گئی۔

بقیہ 12

کمپرومائز نہیں کیا جائیگا۔ ان کا کہنا تھا کہ سڑک کی تعمیر ایک دیرینہ مطالبہ تھا جو نگران حکومت نے پورا کر دیا ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ بلال حسن اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل شاہد عمران بھی ہمراہ تھے۔ بعد ازاں کمشنر محمد اجمل بھٹی نے تحصیل کمپلیکس میں جاری تعمیراتی کام کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے کوالٹی کو چیک کرتے ہوئے ٹھیکے دار کو کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ تمام کام کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کروایا جائے گا۔ انہوں نے اے ڈی سی آر کو روزانہ دورہ کر کے مرمت کا کام چیک کرنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی بھی ہمراہ تھے۔

بقیہ 13

حاضرین کی کثیر تعداد کے علاوہ خصوصی طور پر فخر السادات پیر سید جابر حسین شاہ، حافظ ساجد اقبال، ممتاز ثناء خواں چوہدری عثمان، شوکت صاحب جج الائیڈ سکول کے طلبا اساتذہ اور oaisis سکول کے طلباء، اساتذہ، جناب محمد صدیق صاحب پرنسپل، علامہ جمیل احمد سیفی، علامہ احمد رضا صاحب اور مقابلہ میں شرکت کرنے والے سرکار کے ثنا خوان بچے اور بچوں نے شرکت کی۔ خصوصی نعت کے لیے معروف مداح رسول محمد اختر مدنی اسلام آباد نے شرکت کی۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے چوہدری عتیق الرحمن، چوہدری عبید الرحمن نے ٹینٹ سروس، ساؤنڈ وغیرہ کے انتظامات میں اہم کردار ادا کیا۔

بقیہ 14

لوٹنے لگے شہری سراپا احتجاج وزیر اعلی اور چیف سیکرٹری پنجاب سے فوری نوٹس لینے اور گوجرخان میں سرکاری خزانے پر بوجھ بنے مارکیٹ کمیٹی کے عملے کو گھر رخصت کرنے کا مطالبہ کر دیا پٹرولیم مصنوعات میں نمایاں کمی ہونے اور حکومت پنجاب کی جانب سے عوام کو ریلیف فراہم کروانے کے احکامات ہونے کے باوجود انتظامیہ، پرائس مجسٹریٹس ان احکامات پر عملدرآمد کروانے میں بری طرح ناکام سبزیاں پھل سرکاری ریٹ لسٹ پر نہ ملنے پر شہری حلقوں نے مایوس کن کارکردگی کی بنا پر انتظامیہ کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے کہا کہ انتظامی افسران کی بے حسی کے سبب گراں فروشوں نے سرکاری ریٹ لسٹ کو ردی کی ٹوکری میں ڈال دیا ہے رہتی کسر پرائس مجسٹریٹس کی ملی بھگت نے نکالی ہوئی ہے جن کی آشیر باد سے شہر میں لوٹ مار کا بازار گرم ہے انتظامی زبوں حالی کے باعث نہ صرف ذخیرہ اندوزی عروج پر ہے بلکہ خود ساختہ مہنگائی نے بھی عوامی شہہ رگ پر پنجے گاڑے ہوئے ہیں گراں فروشی کے باعث انتظامی اداروں کی کارکردگی خود ایک سوال بن کر رہ گئی ہے ان اداروں سے اصلاح و احوال کی امید باندھنا دن کے خواب کی مانند ہے ان اداروں میں تعینات عملہ نہ صرف کام چوری کا عادی ہے بلکہ رگوں میں کرپشن رچ بس جانے کے باعث انکی بے حسی تمام حدیں پھلانگ چکی ہے بھاری تنخواہیں و کثیر مراعات کے باوجود پرائس کنٹرول کمیٹیاں موثر کردار ادا کرنے سے قطعی قاصر ہیں عملہ فیلڈ ورک کے بجائے سارا دن آفس کے پر آسائش کمروں میں گزار کر گھر سدھار جانا معمول بنائے ہوئے ہے انتظامیہ کی رٹ کہیں دکھائی نہیں دے رہی متعلقہ اعلیٰ حکام گراں فروشی کا فوری نوٹس لیں اور اصلاح و احوال یقینی بنا کر مسائل زدہ شہریوں کو ریلیف فراہم کریں

بقیہ 15

موبائل فون برآمد کر لئے گئے، جبکہ جوے کی سرپرستی کرنے کے الزام میں تین پولیس ہیڈ کانسٹیبل کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا، جبکہ ایس ایچ او کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا گیا۔ ڈگری کے صحافی کا بھانجا پنجاب کے علاقے عارف والا میں ٹریفک حادثے میں جانبحق ہوگیا۔ ڈگری پریس کلب کے سابق سر پرست اعلی اشفاق احمد اشفی کی تایازاد بہن کا بیٹا "محمد اکرم آرائیں "عارف والا شہر میں موٹر سائیکل پر جاتے ہوئے ڈانسن پک اپ کی ٹکر لگنے سے شدید زخمی ہوگیا۔ جسے فوری طور پر عارف والا اسپتال لایا گیا۔ بعدازاں تشویشناک حالت کے باعث ساہیوال اسپتال منتقل کیا گیا تھا۔ جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا۔ مرحوم کی نماز جنازہ گزشتہ شب ادا کر کے انہیں عارف والا کے چک 19 کے قبرستان میں انکے والد غلام نبی آرائیں کے پہلو میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ دوسری جانب صحافی قاری نثار احمد آرائیں کا بڑا بھائی انجینئر اشفاق احمد آرائیں گھونگی کے قریب پراسرار طور پر جانبحق ہوگیا ۔ تاحال موت کی وجہ معلوم نہ ہوسکی ۔ پوسٹ مارٹم اور لیبارٹری ٹیسٹ کی رپورٹوں کے بعد ہی حقیقت ظاہر ہوسکے گی۔ مرحوم کی میت کو تدفین کے لئے ڈگری سب ڈویژن لایا گیا۔ ڈگری سب ڈویژن کے نوجوان صحافی قاری نثار احمد آرائیں اور طیب آرائیں کے بڑے بھائی انجینئر اشفاق احمد آرائیں جو کہ پنوعاقل میں رہائش پذیر تھے . گزشتہ دنوں دوران سفر پراسرار طور پر غائب ہو گئے تھے۔ بعدازاں گھوٹکی کے قریب مدینہ ہوٹل کے نزدیک چاول کی فصل کے کھیتوں میں بے ہوشی کی حالت میں پائے گئے۔

بقیہ 16

بتایا گیا کہ بازاروں میں غیر قانونی پارکنگ اور تجاوزات کے خلاف آپریشن کو مزید تیز کر دیا گیا جس میں تجاوزات پر دوکانداروں کا سامان اٹھا کر قبضہ میں لینے کے ساتھ تجاوزات کرنے والوں کی دوکانات کو سیل اور بھاری جرمانے کئے جارہے ہیں۔

بقیہ 17

19 سالہ شاہ زین موقع پر جاں بحق جبکہ محلہ رشید آباد خوشاب کا طالب علم منیب رضا شدید زخمی ہو گیا۔ جن کو ریسکیو کر کے ٹی ایچ کیو ہسپتال خوشاب منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 18

فروٹس کے دکانداروں نے من مانی شروع کر دی ہے اور خشک میوہ جات انتہائی مہنگے داموں فروخت کئے جارہے ہیں ۔دوسری جانب خشک میوہ جات کے دکانداروں کا کہنا ہے کہ گذشتہ برس کی نسبت دیگر اشیا کی طرح خشک میوہ جات کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہوا ہے اور دکانداروں کا منافع کم ہو گیا ہے ۔اے پی پی کو دستیاب معلومات کے مطابق مونگ پھلی 450 روپے سے 750 روپے فی کلوگرام، انجیر 1500 روپے سے 3200 روپے فی کلوگرام، چلغوزہ 6 ہزار روپے سے 9 ہزار روپے فی کلوگرام، بادام مختلف اقسام 19 سو روپے سے 28 سو روپے فی کلوگرام، کاجو 3 ہزار روپے سے 4 ہزار روپے فی کلوگرام، کاغذی اخروٹ 800 روپے سے 1200 روپے فی کلوگرام، پستہ مغز سادہ و نمکین 3 ہزار روپے سے 35 سو روپے فی کلوگرام، کشمش 700 روپے سے ایک ہزار روپے فی کلو گرام اور ریوڑی 600 روپے سے 800 روپے فی کلوگرام فروخت کی جارہی ہے۔

بقیہ 19

پولیس سرفراز ورک نے ایک انٹرویو کے دوران بتایا کہ ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجیز کے پیش نظر ٹریفک سسٹم کے کنٹرول کے لئے ایک جامع منصوبہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابق ادوار میں جو ڈرائیونگ لائسنس شہریوں کو جاری کیا جاتا تھا اس میں موجود خامیوں کو دور کیا جائے گا اور اس ڈرائیونگ لائسنس کو بین الاقوامی معیار کے مطابق بنانے کے لئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ ٹریفک پولیس اسلام آباد سے لائسنس حاصل کرنے والے افراد بیشتر بیرون ممالک میں اس لائسنس کی بنا پر ڈرائیونگ کر سکیں گے۔ ایک سوال پر انہوں نے بتایا کہ مجھ سے پہلے ڈرائیونگ لائسنس کے کارڈ کے لئے صرف ایک وینڈر کو کارڈ کی فراہمی کے لئے سپلائی آرڈر دیا جاتا تھا جس سے محکمے کو 70 سے 80 لاکھ روپے سالانہ کا نقصان ہو رہا تھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے شفاف نظام کے فروغ کے لئے طریقہ کار وضع کیا ہے اور کارڈ کی فراہمی کے لئے درجنوں کمپنیوں نے اظہار دلچسپی جمع کرایا جس میں 3 وینڈر کو شارٹ لسٹ کیا اور پھر ان میں ایک سخت مسابقتی عمل پر بھی عملدرآمد کرایا گیا۔

بقیہ 20

مطابق :ٹیکس میں چوری کرنے کی اطلاعات موصول ہونے پر ٹھوس ثبوت کی بنیاد پر کاروائی عمل میں لائی گئی، تحویل میں لئے گئے ریکارڈ کی چھان بین کرنے کے بعد ریسٹورنٹ چین پر مجموعی طور پر ٹیکس لاگو کیا جائے گا ۔ ترجمان کے مطابق نوٹس جاری کرتے ہوئے عائد کردہ ٹیکس ریسٹورنٹ مالکان کی جانب سے مقرر وقت میں ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 21

ناجائز تجاوزات اور ٹریفک میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نپٹا جائے گا واضح رہے کہ ڈی ایس پی ریاض اس سے پہلے نیوٹاؤن میں تعینات تھے جہاں وہ ٹریفک کی روانی میں خلل ڈالنے والے ناجائز تجاوزات مافیا کے لئے خوف کی علامت سمجھے جاتے تھے ۔شہریوں نے سرکل اڈیالہ انچارج ٹریفک کے احسن اقدام کو سراہا ہے۔

بقیہ 22

مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران راولپنڈی میں 30، ملتان میں 9، گوجرانوالہ میں 25 اور فیصل آباد میں 16 نئے ڈینگی مریضوں کی تصدیق ہوئی، اس کے علاوہ شیخوپورہ، سرگودھا، نارووال، سیالکوٹ، خانیوال، رحیم یارخان، ڈیرہ غازی خان، ننکانہ صاحب، وہاڑی، لودھراں، پاکپتن اور حافظ آباد میں ڈینگی کا ایک ایک نیا مریض سامنے آیا۔ سیکرٹری ہیلتھ پنجاب کا کہنا ہے کہ صوبہ بھر کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 142 مریض زیر علاج ہیں جبکہ ضلع لاہور کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے کل 45 مریض زیر علاج ہیں۔

بقیہ 23

کا مقابلہ کرنے کے لئے اتحاد اور لچک کو فروغ دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ بیجنگ میں پاکستانی سفارت خانے میں منعقدہ چین پاکستان کو-پروڈکشن کی پہلی فلم ' پاتھیئے گرل' کی کلچر ایوارڈ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پاتھیئے گرل چین اور پاکستان کے عوام کی دوستی پر مبنی ایک فیچر فلم ہے جسے ہنر کدہ پروڈکشن اور چائنا فلم ایڈمنسٹریشن نے مشترکہ طور پر پروڈیوس کیا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے کہا کہ ہم اس سال کے آخر تک ایک ثقافتی قافلہ منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں جس کا مقصد پاکستان، چین اور وسطی ایشیائی ریاستوں کے درمیان اقتصادی تعلقات کو فروغ دینا اور ثقافتی تعلقات کو مضبوط بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یہ قافلہ چین کے شہر شیان سے شروع ہوگا اور کرغزستان، تاجکستان، ازبکستان، ترکمانستان، ایران، متحدہ عرب امارات، عمان، گوادر اور کراچی سے ہوتا ہوا اسلام آباد پہنچے گا۔ گوادر پرو کے مطابق انہوں نے مزید کہا کہ اسی پیک کو اس سال دسمبر کے دوران وسطی ایشیائی ممالک کا احاطہ کرتے ہوئے چین پاکستان اقتصادی راہداری اور شاہراہ ریشم کے ساتھ زمین، زندگی اور لوگوں کی عکاسی کے لئے دستاویزی شکل دی جائے گی۔

بقیہ 24

جائیں گی، پاکستان سمیت دیگر یورپی ممالک سے بھی ڈاکٹرز نے خود کو الخدمت کے ساتھ غزہ جانے کے لیے رجسٹرڈ کیا ہے، چیئرمین نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ ملک انعام سے ملاقات ہوئی اور ہم نے امدادی سامان کے 13 ٹرک بھی این ڈی ایم اے کے حوالے کئے ہیں ان میں موجود امدادی سامان فوری طور مصر کے لئے روانہ کیا جارہا ہے رفاح بارڈر کے ذریعے یہ سامان غزہ کے متاثرین تک پہنچے گا۔ میڈیسن، فوڈز سمیت بچوں اور خواتین کا امدادی سامان روانہ کیا گیا ہے۔

بقیہ 25

کے کوائف کا اندراج مکمل کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "ناک دی ڈور" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بہارہ کہو کے علاقے میں 419 گھروں کے 213 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جاسکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جا سکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سرگرمیوں سے روکا جاسکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارالحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

بقیہ 26

دارالحکومت اسلام آباد میں امن وامان کو برقرار رکھنے اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اسلام آباد کیپٹل پولیس تھانہ ترنول پولیس ٹیم کو دوران گشت ترنول پھاٹک کے پاس ایک گمشدہ بچہ ملا، جس کی شناخت نعمان کے نام سے ہوئی، پولیس ٹیم نے تکنیکی اور انسانی ذرائع کو استعمال کرتے ہوئے بچے کے والدین کا رابطہ نمبر حاصل کر کے فوری رابطہ کیا اور بچے کو بحفاظت ان کے حوالے کر دیا، بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور مدد کرنے پر اسلام آباد کیپٹل پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔

بقیہ 27

کرنے والے ملزم کو 2 ساتھیوں سمیت کر لیا، تینوں ملزمان آپس میں سگے بھائی ہیں، ملزمان احد، صمد اور اسد نے گھریلو رنجش پر چھریوں کے وار کر کے جمال خان کو قتل، چاند بابو اور عینی بی بی کو زخمی کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے والد کی مدعیت میں تھانہ صدر بیرونی میں درج کیا گیا تھا۔ ایس پی صدر نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، سنگین مقدمہ میں ملوث تینوں ملزمان کی گرفتاری لواحقین کو انصاف کی فراہمی میں اہم ہے۔

بقیہ 28

مریضوں میں کافی حد تک کمی دیکھی گئی ہے۔ ترجمان آئی سی ٹی کے مطابق ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں مہلک وائرس کو کنٹرول کرنے کے لئے ہر ممکن وسائل کا استعمال کیا جائے گا، دیہی علاقہ اسلام آباد ہماری ترجیحات میں شامل ہے اور شہریوں کی جان کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام ہماری ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کا مزید کہنا ہے کہ اسلام آباد میں بڑھتے ڈینگی بخار کی وجہ سے ڈینگی وائرس سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا بھی ضروری ہے، انہوں نے مزید ہدایت کی کہ ڈینگی کی روک تھام کیلئے شہر کے مختلف علاقوں میں صفائی کے انتظامات بہتر بنائے جائیں۔

بقیہ 29

احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 16 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ سمبل پولیس نے منشیات فروشی اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے میں ملوث دو ملزمان سلیمان مجاہد اور ذیشان اسلم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 540 گرام چرس اور 30 بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ملزم اسد مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 15 لیٹر شراب برآمد کر لی، تھانہ کورال پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث دو ملزمان عامر سہیل اور کامران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 550 گرام چرس اور 1547 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ کرپا پولیس نے دو ملزمان رضوان اور ابرار احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے ایک عدد خنجر اور 150 گرام ہیروئن برآمد کر لی، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم طیب رحمان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 30 بور پستول معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، تھانہ نیلور پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے کے جرم میں دو ملزمان ضیاب الرحمان اور فریاد حسین کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے دو عدد 12 بور بندوقیں برآمد کر لی

بقیہ 30

و ملازمان کے لئے تربیتی کورسز کو سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں کیپٹل پولیس کالج میں زیر پہلے ایڈوانس کورس کے افسران کی تفتیشی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے کرائم سین ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، تربیتی ورکشاپ میں پرنسپل کیپٹل پولیس کالج، لاء انسٹرکٹرز اور دیگر پولیس افسران نے شرکت کی، تربیتی ورکشاپ میں زیر تربیت افسران کو کرائم سین کی اقسام، کرائم سین کو محفوظ کرنا، موقعہ سے شواہد اکھٹے کرنے، پرانی نعشوں کے متعلق شواہد کو محفوظ کرنے، فرسٹ ریسپانڈر کی ذمہ داریوں اور تلاشی کی اقسام کے متعلق لیکچر دیا گیا، ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد تفتیش کے معیار کو مزید بہتر بنانا، موقع سے اہم شواہد کو ضائع ہونے سے بچانا اور موقع سے اہم شواہد اکھٹے کرتے ہوئے ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لئے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کرنا ہے۔

بقیہ 31

کی سرزنش کی اور ایم ایس کے خلاف انکوائری کا حکم دیتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کو 24 گھنٹے میں انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ انکوائری رپورٹ کی روشنی میں ایم ایس کے بارے فیصلہ کیا جائے گا۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے ایمرجنسی، سرجیکل، کارڈیک، میڈیکل، لیب، ٹراما سنٹر، ڈائلسز سنٹر کا معائنہ کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے بچہ وارڈ، سی ٹی سکین اور دیگر شعبوں کا 2 گھنٹے تک وزٹ کیا۔ وزیر اعلی نے مریضوں کی عیادت کی اور علاج معالجے کی سہولتوں کے بارے استفسار کیا۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے مریضوں اور تیمارداروں سے مفت ادویات اور مفت ٹیسٹ کی سہولت کے بارے دریافت کیا۔ مریضوں اور تیمارداروں نے مجموعی طور پر مفت ادویات اور مفت ٹیسٹ کی سہولت پر اطمینان کا اظہار کیا تاہم بعض مریضوں اور تیمارداروں نے ادویات باہر سے منگوانے اور ٹیسٹ باہر سے کرانے کی شکایات کیں۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے مریضوں کے پیسے واپس کرنے کا حکم دیا۔ وزیر اعلی نے چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ اور سیکرٹری صحت کو موقع پر ہی فون کیا اور ٹراما سنٹر کا نظر ثانی شدہ پلان جلد تیار کرنے کی ہدایت کی اور ڈائلسز سنٹر کی کئی برس پرانی مشینوں کو فوری تبدیل کرنے کا حکم دیا۔ وزیر اعلی نے سیکرٹری صحت کو ڈائلسز سنٹر کے لیے 15 نئی مشینیں خریدنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلی محسن نقوی پولیس خدمت کاونٹر پر میڈیکو لیگل میں تاخیر پر شدید برہم ہوئے۔ وزیر اعلی محسن نقوی نے زخمی مریض کا فوری میڈیکو لیگل کا حکم دیا۔

بقیہ 32

سکتا تو الیکشن کیسے کرائیں گے، کمیشن نے وفاقی سیکرٹری داخلہ کو طلب کر لیا۔ ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں چار رکنی بنچ نے توہین الیکشن کمیشن کیس کی سماعت کی۔ سابق وزراء فواد چوہدری اور اسد عمر الیکشن کمیشن میں پیش ہوئے، چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل شعیب شاہین پہنچے چیئرمین پی ٹی آئی کو کمیشن میں پیش نہ کیے جانے پر وکیل پی ٹی آئی نے موقف اپنایا کہ اصل میں آج الیکشن کمیشن کی توہین ہوئی ہے، اے آئی جی آپریشن پنجاب نے الیکشن کمیشن میں رپورٹ جمع کراتے ہوئے موقف اپنایا کہ پی ٹی آئی چیئرمین کی زندگی کو خطرات لاحق ہیں جس کا اظہار وہ خود بھی کر چکے ہیں، ممبر سندھ نثار درانی نے پوچھا کہ چیئرمین پی ٹی آئی جو کہتے آپ کو یقین ہے وہ صحیح کر رہے ہیں، اے آئی جی آپریشن نے کہا کہ پنڈی گنجان آبادی پر مشتمل ہے، خطرات سے خالی نہیں الیکشن کمیشن نے کہا کہ پی ٹی آئی چیئرمین سے آپ لکھوا کے لے آئیں میں معذرت کرتا ہوں، وزارت داخلہ نے الیکشن کمیشن کو اڈیالہ جیل میں کیس کی سماعت کرنے کی تجویز دی تو الیکشن کمیشن نے کہا کہ وزارت داخلہ کیسے ہمیں حکم دے سکتا ہے؟، وزارت داخلہ اگر ایک شخص کو سکیورٹی نہیں دے سکتا تو الیکشن کیسے کرائیں گے ۔سابق وزیر فواد چوہدری نے الیکشن کمیشن سے دوبارہ معافی نامہ جمع کرانے کی مہلت مانگ لی ۔الیکشن کمیشن نے کیس میں وفاقی سیکرٹری داخلہ کو طلب کرتے ہوئے توہین الیکشن کمیشن پی ٹی آئی چیئرمین، اسد عمر اور فواد چوہدری کیس کی سماعت 13 نومبر تک ملتوی کردی۔

بقیہ 33

پاکستانی بشمول خواتین، نوجوان، اقلیتی برادری، افراد باہمی معذوری، خواجہ سرا کمیونٹی اور معاشرے کے تمام محروم طبقات جن کے پاس قومی شناختی کارڈ ہوں، وہ فوری طور پر اپنا ووٹ چیک کرنے کے لئے 8300 پر اپنا شناختی کارڈ نمبر بھیج کر اپنے ووٹ کی معلومات حاصل کریں، درج نہ ہونے یا کسی بھی غلطی کی صورت میں اپنے ضلع کے ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر آفس تشریف لے جائیں۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے بیان کے مطابق 25 اکتوبر 2023 ووٹ کے اندراج، منتقلی، کوائف کی درستی اور اخراج کی آخری تاریخ اور آخری موقع ہے۔ اس کے بعد انتخابی فہرستوں کو منجمد کر دیا جائے گا اور ووٹ کا اندراج اور منتقلی نہیں ہو سکے گی۔ ووٹ اندراج اور منتقلی کے لئے فارم 21 الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے، اسے پر کر کے، دستخط اور نشان انگوٹھا لگا کر اپنے ضلعی الیکشن کمیشن دفتر میں جمع کرائیں۔ ایک گھرانے کا سربراہ اپنے خاندان کے افراد کے فارم جمع کرا سکتا ہے۔ یاد رہے کہ قانون کے مطابق آپ کا ووٹ صرف آپ کے شناختی کارڈ پر درج عارضی یا مستقل ایڈریس پر ہی ممکن ہے۔

بقیہ 34

، آئی ٹی ماہرین سمیت دیگر شریک ہوئے۔ اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ پنجاب کی عدالتوں میں تمام ملزمان کو کچہریوں میں پیش کرنے کے بجائے ویڈیو لنک کے ذریعے پیش کیا جائے گا۔ منصوبے سے قومی خزانے کی کروڑوں روپے کی بچت ہوگی، منصوبے سے کچہریوں میں رش کم اور کیسز کا بوجھ بھی ختم ہوگا، وہاڑی میں پائلٹ پراجیکٹ کامیاب ہونے کے بعد منصوبے کو پورے پنجاب میں نافذ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ دوسرے مرحلے میں منصوبے یکم نومبر سے پنجاب کے 7 اضلاع راولپنڈی، جہلم، چکوال، میانوالی، مظفر گڑھ، بھکر چنیوٹ میں عمل درآمد ہوگا۔

بقیہ 35

ہوا تھا۔ اب تکنیکی مسائل پر زیر التوا تمام پاسپورٹس چند روز میں جاری کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فاسٹ ٹریک درخواستوں کے حامل پاسپورٹس کا بیک لاگ ختم ہوگیا۔ اب فاسٹ ٹریک درخواستوں والے پاسپورٹس مقررہ مدت میں ہی فراہم کیے جائیں گے۔ ارجنٹ پاسپورٹ کا بیک لاگ بھی 2 سے 3 روز میں ختم ہونے کا امکان ہے۔ پاسپورٹس کی جلد فراہمی کیلئے امیگریشن اینڈ پاسپورٹ ڈائریکٹوریٹ نے خصوصی اقدام کیا۔ ذرائع نے بتایا کہ زیرالتوا نارمل پاسپورٹس درخواستوں کی بروقت فراہمی اور پرنٹنگ کیلئے اضافی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ پاسپورٹ آفس کے ذرائع کے مطابق بروقت پرنٹنگ کیلئے اضافی افرادی قوت سمیت پرنٹنگ مشینوں کو 24 گھنٹے فعال رکھا جائیگا۔

بقیہ 36

کیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی کا ساتھ کب تک دیں گے، جس پر پرویز الٰہی نے کہا کہ کوئی کمی ہے، پانچ ماہ سے زیادہ ہو گئے ہیں اور آئندہ بھی، آپ دیکھیں گے جب انتخابات ہوئے تو پتا چلے گا ان کے ساتھ کیا ہوا۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات میں سب کے لیے یکساں مواقع فراہم کرنے چاہئیں، اگر یکساں مواقع فراہم نہ کیے تو خدشات پیدا ہوں گے، پھر عدالتیں ہیں جہاں سے انصاف لے کر آئیں گے۔

بقیہ 37

سے تربت کی دو اور لاہور کی 3 پروازیں منسوخ ہوئیں، اسی طرح کراچی سے سکھر اور کراچی سے کوئٹہ کی دوطرفہ 4 جبکہ دمام سے کراچی کی پرواز بھی منسوخ ہوگئی۔ فلائٹ شیڈول کے مطابق لاہور سے کوئٹہ کی دو، اسلام آباد سے دبئی کی دو اور وفاقی دارالحکومت سے بھی ابوظہبی کے لئے دو پروازیں منسوخ کی گئیں۔ اسی طرح اسلام آباد سے گلگت کے لئے دوطرفہ 4، اسلام آباد، کوئٹہ اور سکردو بھی کی 4 پروازیں منسوخ ہوئیں، اسلام آباد سے گلگت اور سکھر کیلئے آنے جانے کی 4 اور دوحہ سے اسلام آباد کی پرواز بھی منسوخ ہوگئی۔ ملتان سے ریاض کی پی کے 2 جبکہ دبئی کی ایک پرواز منسوخ کی گئی، شارجہ سے ملتان کی پرواز پی کے 294 منسوخ کردی گئی، سیالکوٹ سے شارجہ کے لئے دوطرفہ دونوں پروازیں منسوخ کر دی گئیں، پشاور سے ریاض اور شارجہ کے لیے دوطرفہ 4 پروازیں منسوخ کردی گئیں، اسی طرح دبئی اور ابوظہبی سے پشاور کی پروازیں پی کے 217، پی کے 218 منسوخ کر دی گئیں۔

بقیہ 38

کامیاب تجربے پر کمانڈر نے سائنسدانوں اور انجینئرز کو مبارک باد دی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق صدر، وزیر اعظم اور عسکری قیادت نے بھی کامیاب تجربے پر مبارک باد دی ہے۔

بقیہ 39

ملنے پر ریسکیو 1122 کے عملہ نے موقع پر پہنچ کر دونوں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹی ایچ کیو ہسپتال سانگلہ ہل کی ایمرجنسی وارڈ میں منتقل کر دیا جہاں مخدوش حالت کے پیش نظر الائیڈ ہسپتال فیصل آباد ریفر کر دیا گیا۔ جہاں انکی حالت نازک بتائی گئی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ دونوں بچے لاہور سے میانوالی جانے والی ٹرین میانوالی ایکسپریس کی بوگی کے گیٹ کے قریب کھڑے ہو کر سفر کر رہے تھے کہ اچانک جھٹکا لگنے سے نیچے گر کر شدید زخمی ہو گئے۔ دونوں کا تعلق لاہور کے علاقہ شاہدرہ سے بتایا گیا ہے۔

بقیہ 40

آؤ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا واضح موقف تھا کہ الیکشن نواز شریف کے لیے روکا گیا ہے، نواز شریف کو اعلان کرنا چاہیے کہ میں آ گیا ہوں، اب الیکشن ہوں گے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ نواز شریف غلط راستے سے آئے تو یہ بھی تاریخ کی ایک مثال بن جائیں گے، پی پی جب بھی آئی ہے اپنا منشور لے کر آئی ہے۔ سید خورشید شاہ نے سوال کیا کہ آئین، قانون اور کلاز ہمارے پاس موجود ہیں، کچھ لوگوں نے اپنی سیاست کی وجہ سے ریاستی اداروں کو جلایا یا جلوایا، کیا ہماری سویلین عدالتیں ان لوگوں کو سزا دینے کے قابل ہوں گی یا نظر انداز کر جائیں گی۔

بقیہ 41

کہا کہ عالمی برادری یو این کی سیکورٹی کونسل کی استصواب رائے کی قرار دادوں کو فراموش نہ کرے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنے بزرگوں کے وژن کے مطابق دنیا کو آنے والی نسلوں کے لیے بہتر جگہ بنانے کے لیے کوشاں ہیں، چاہے اس کام کے لیے ہمیں کوئی بھی قیمت ادا کرنی پڑے۔

بقیہ 42

سید اصغر نقی، پروفیسر محمد معین، شعبہ آرتھوپیڈک سرجری پروفیسر فیصل مسعود، پروفیسر زہرہ عشرت، پروفیسر یار محمد، پروفیسر سجاد حیدر، ڈاکٹر صومیہ اقتدار، ڈاکٹر ممریز سالق، ڈاکٹر سہیل نیازی و طلباء و طالبات کی کثیر تعداد نے سیمینار میں شرکت کی۔ نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے آگاہی سیمینار کے شرکاء سے اپنے خطاب میں کہا کہ ہڈیوں کی مضبوطی کے حوالے سے آگاہی بہت اہم ہے۔ صحت مند زندگی کیلئے کیلشیئم کی بنیادی اہمیت ہوتی ہے۔

بقیہ 43

کی جیلوں میں پڑے اور کتنے مجرموں کی سزا پنجاب کی نگران کابینہ نے معطل کی؟ انوکھا لاڈلا کھیلنے کو چاند مانگے گا تو کیا نگران حکومت اسے چاند لا کر دے گی؟، نگران حکومت کو باقی قیدیوں کی سزا بھی معطل کر دینی چاہیے ان کا حق زیادہ ہے۔ حسن مرتضی نے کہا کہ پنجاب کی نگران حکومت کا نواز شریف کی سزا معطل کرنا بھونڈا طریقہ ہے، اگر ایسے ہی فیصلے ہونے ہیں تو عدالتوں کو تالے کیوں نہیں لگا دیئے جاتے؟، نگران حکومت ہر وہ کام کر رہی ہے جو اسے نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگران حکومت مجرموں کو ریلیف دینے نہیں بلکہ الیکشن کروانے آئی تھی، نواز شریف کی سزا معطلی کی منظوری دینا نگران پنجاب کابینہ کا کام نہیں، الیکشن کمیشن نگران حکومت کی اس جانبداری کا نوٹس لے۔

بقیہ 44

گیا۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی دارالحکومت لاہور میں اسموگ کے بادل چھاگئے اور شہر کے بیشتر علاقوں میں ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 300 سے تجاوز کر گئی۔ فضائی آلودگی کے لحاظ لاہور دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار دے دیا گیا، لاہور کی مجموعی ایئر کوالٹی انڈیکس کی شرح 290 تک جا پہنچی ہے۔ دوسری جانب ڈپٹی کمشنر لاہور رافعہ حیدر نے انسداد اسموگ سیل قائم کر دیا اور انسداد اسموگ اقدامات کے لئے 15 رکنی کمیٹی بھی تشکیل دیتے ہوئے ایس ایچ آر فوکل پرسن مقرر کر دیا ہے۔

بقیہ 45

ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے کمپریسر کے استعمال پر 03 جبکہ غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع کیا گیا۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 51 اور 33 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے اور 0.82 ملین کے انڈر بلنگ کی رقم بھی بک کی گئی۔ مردان میں ٹیم نے کارروائی کے دوران 20 انڈر بلنگ کیسز پروسیس/اندراج کیے گئے اور 0.16 ملین کی رقم بھی بک کی گئی ۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 5 کنکشن منقطع کیے گئے ۔سرگودھا میں 49 انڈر بلنگ کیسز اندراج/پروسیس کیے گئے اور انڈر بلنگ کیسز کی مد میں 0.03 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 18 گیس کنکشن منقطع جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 09 کنکشن منقطع، 13 انڈر بلنگ کیسز پروسیس کیے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور اور کرک میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی 22 کنکشن منقطع کیے گئے۔ گیس چوری کے خلاف ایف آئی آر بھی درج کی گئی اور 0.70 ملین کے جرمانے عائد کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ریجنل ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے غیر قانونی استعمال پر 1 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 02 کنکشن منقطع کیے اور 34 انڈر بلنگ کیسز اندراج/پروسیس کیے گئے، 0.50 ملین کی رقم بک کی گئی ۔فیصل آباد میں ریجنل ٹیم نے کریک ڈاؤن کے دوران میٹر سے چھیڑ چھاڑ پر 01 جبکہ 13 انڈر بلنگ کیسز پروسیس ہوئے اور ٹیم نے کارروائی کے دوران 0.05 ملین کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔

بقیہ 46

کے وکیل اعظم نذیر تارڑ اور امجد پرویز نے دلائل دیئے، نگران پنجاب کابینہ کے ہمراہ چیف سیکرٹری پنجاب بھی موجود تھے۔ پنجاب کابینہ نے نواز شریف کے وکلا کی درخواست متفقہ طور پر منظور کرتے ہوئے سرکولیشن کے ذریعے سزا معطلی کی منظوری دی۔ اس حوالے سے صوبائی نگراں وزیر اطلاعات عامر میر نے بھی تصدیق کر دی۔ عامر میر کا کہنا تھا کہ نگراں کابینہ نے آئینی اختیارات استعمال کرتے ہوئے سزا معطل کی، کیس کا حتمی فیصلہ عدالت ہی کرے گی۔ واضح رہے کہ کریمنل پروسیجرل کوڈ کے سیکشن 401 کے تحت نواز شریف کی سزا معطل کی گئی۔ سیکشن 401 کے تحت حکومت کسی بھی مجرم کی سزا معاف کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔ احتساب عدالت نے 6 جولائی 2018ء کو ایون فیلڈ ریفرنس میں نواز شریف کو 10 سال قید کی سزا سنائی تھی جبکہ اسلام آباد ہائیکورٹ نے 19 ستمبر 2018ء کو میرٹ پر سزائیں معطل کر کے مریم نواز اور کیپٹن صفدر کو رہا کر دیا تھا۔ نواز شریف کو 24 دسمبر 2018ء کو العزیزیہ ریفرنس میں 10 سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے 31 اکتوبر 2019 کو میڈیکل گراؤنڈ پر نواز شریف کی ضمانت دی تھی۔ اس حوالے سابق اٹارنی جنرل اشتر اوصاف نے کہا ہے کہ اس معاملے پر اسلام آباد ہائی کورٹ میں رجوع کیا گیا تھا، سابق چیف جسٹس اطہر من اللہ نے اس ججمنٹ کو آفر کیا تھا، یہ فیصلہ کابینہ نے سوچ سمجھ کر لیگل ایڈوائس کے تحت کیا، اس فیصلے پر کوئی کیسے معترض ہوسکتا ہے۔ اشتر اوصاف کا کہنا تھا کہ نواز شریف کے خلاف کیسز عجلت میں بنائے گئے، قانونی پیچیدگیاں ہوتی نہیں بنا دی جاتی ہیں، گزشتہ دور میں شہباز شریف، حمزہ شہباز اور سعد رفیق کے معاملات تھے، پچھلے دور کے کیسز کی ایک لمبی لسٹ ہے، پیچیدگیاں قانون میں نہیں پروسیجر میں تھیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان کے کیسز میں تاریخیں نہیں لگتی تھیں، اگر لگتی تھیں تو جج چھٹی پر چلے جاتے تھے، یہ کچھ ایسے سلسلے تھے جن کی وجہ سے ان کو بہت دیر تک پابند سلاسل رکھا گیا۔

بقیہ 47

خوض کیا گیا۔ سیمینار کا آغاز CASS لاہور کی سینئر محقق ندا شاہد کے افتتاحی کلمات سے ہوا۔ انہوں نے موضوع کی اہمیت اور ضرورت کا اجاگر کیا۔ سابق ڈی جی آرمز کنٹرول اینڈ ڈس آرمامنٹ افیئرز (اسٹریٹجک پلانز ڈویژن) ایئر کموڈور خالد بنوری نے کلیدی خطبہ دیا۔ انہوں نے عالمی اور علاقائی سطح کے حالات کی گہری فہم و فراست اور تزویراتی موافقت کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے مسلسل بدلتی عالمی سیاست پر فکر انگیز تجزیہ پیش کیا۔ لاہور یونیورسٹی میں سینٹر فار سیکورٹی اسٹریٹجی اینڈ پالیسی ریسرچ (سی ایس ایس پی آر) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر رابعہ اختر نے تزویراتی شراکت داری اور کثیر الجہتی معاہدات کے ساتھ ساتھ علاقائی تعلقات کے ذریعے بھارت کے بڑھتے ہوئے عالمی اثر ورسوخ پر روشنی ڈالی۔ ایئر یونیورسٹی اسلام آباد میں فیکلٹی آف ایرواسپیس اسٹریٹجک اسٹڈیز (FASS) کے ڈین ڈاکٹر عادل سلطان نے پاکستان کے ممکنہ تزویراتی متبادل اقدامات کے بارے میں فکر انگیز گفتگو کی۔ انہوں نے درپیش مسائل اور ممکنہ مواقع پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے موثر پالیسی ردعمل کو بیان کیا۔ سینٹر فار ایرواسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز (CASS) کے صدر سابق ایئر مارشل عاصم سلیمان اختتامی خطبے میں عالمی سیاست کے بدلتے ہوئے منظرنامے میں بھارت، جرمنی، جاپان، کینیڈا اور ترکی جیسی درمیانی طاقتوں کے قابل ذکر کردار پر توجہ دلاؤ نکات بیان کیے۔ انہوں نے بھارت کی علاقائی اور عالمی قیادت پر براجمان ہونے کی ہندوستان کی خواہشات اور اقدامات جیسے فوجی صلاحیتوں میں خاطر خواہ سرمایہ کاری اور کواڈ اور جی 20 جیسے بین الاقوامی پلیٹ فارمز کے ساتھ فعال تعلقات پر غور طلب پہلوؤں پر توجہ دلائی۔ صاحب صدر نے بھارت کے عالمی عزائم سے وابستہ ممکنہ خطرات پر بھی روشنی ڈالی۔ اس ضمن میں ان کا کہنا تھا کہ بھارت کی فوجی تنصیبات میں جدت لانا اور بی جے پی کا پاکستان مخالف مہم جوئی اور جھوٹے فوجی حملے اس سازش کا حصہ ہیں۔ انہوں نے پاکستان کو خبردار کیا کہ وہ ہندوستان میں موجودہ قیادت کے جواب میں ٹھوس خارجہ پالیسی کو یقینی بنائے ۔سیمینار میں درج ذیل اہم نکات پر روشنی ڈالی گئی: سیمینار کے دوران اس بات پر زور دیا گیا کہ پاکستان جیسی دوسری دنیا کی طاقتوں کو یونی پولیرٹی (unipolarity) سے ملٹی پولیرٹی (multipolarity) کی طرف عالمی سطح پر بدلتی صورت حال سے ہم آہنگ ہونے کی ضرورت ہے ۔تزویراتی لچک اور فعال خارجہ پالیسیاں اس عالمی منظر نامے کا مقابلہ کرنے کے لیے ازحد ضروری ہیں۔ سیمینار میں ہندوستان کی ہائبرڈ جنگ اور جارحانہ قومیت کی سرگرمیوں کو بھی زیر بحث لایا گیا جو پاک بھارت دوطرفہ تعلقات میں گرم جوشی کو مزید کمی کا باعث بن رہی ہیں۔ بایں وجہ غیر ارادی طور پر دوطرفہ کشیدگی میں اضافے کے امکانات بڑھتے جا رہے ہیں۔ مقررین نے اس پہلو پر زور دیا کہ پاکستان کو اپنی قومی سلامتی کی ترجیحات کا جامع انداز میں از سر نو جائزہ لینا چاہیے ۔پاکستان کو پالیسیوں میں کمزور پہلو دور کر کے ایک مبسوط سکیورٹی حکمت عملی تشکیل دینے کی ضرورت ہے ۔تمام مقررین نے ان پہلوؤں پر اتفاق کیا کہ کثیر فریقی فورمز میں فعال شرکت، عالمی شراکت داری کو ٹھوس بنیادوں پر استوار کرنے اور ہندوستان کے جارحانہ موقف کے نقصان دہ نتائج کو عالمی سطح پر موثر انداز میں پیش کرنے کے لیے سفارتی اقدامات میں تیزی لائی جائے۔ اس سیمینار نے فکر انگیز مباحث کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا، جس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ پاکستان کو مسلسل بدلتی عالمی صورت حال کا تزویراتی طور پر ٹھوس بنیادوں پر ردعمل دینے کی ضرورت ہے۔ تقریب کے اختتام پر تمام مقررین نے متفقہ طور پر یہ مطالبہ دہرایا کہ بدلتے ہوئے عالمی ماحول کے پیش نظر فعال پالیسی کی ضرورت ہے، جس میں سفارتی اقدامات اور پالیسی میں لچک بھی شامل ہو، کیونکہ پاکستان جیو اکنامک اور جیو پولیٹیکل منظر نامے میں مشکل دور سے گزر رہا ہے۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 25 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پردرج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 25 اکتوبر 2023، صبح 08:00 بجے تا دن 01:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، ایس ای ایس، فضل گھی، این ڈی سی۔ I-11/4، H-11، I-10/2، نیو ایکسچینج، کڈنی سینٹر، ڈاکٹر اے کیو خان، اسلامک یونیورسٹی، بحریہ یونیورسٹی، جی ٹن ون، جی ٹن ٹو، جی ٹن فور، جی نائن ون، سی ڈبلیو او، ڈھوک نجو، محفوظ شہید، کلب۔ I، فلٹریشن پلانٹ، سکیم۔II، جھٹہ بختاور، فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، راجہ سلطان، عید گاہ، نیو ملپور، فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، مورگاہ، پارک ویو، پنڈی بورڈ، فوجی فاؤنڈیشن فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، رہاڑہ، آزاد شہید، لہتراڑ روڑ، جھٹہ بختاور، ترامڑی، نیو وحید آباد، آئی ایس آئی فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، ایف سیونٹین ون، ایف سیونٹین ٹو، نوگزی، باغ سرداراں، سوشل سیکورٹی، راجہ آباد، انڈسٹریل، ڈھوک حسو، پیرودھائی، کیرج فیکٹری فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، اسلام آباد فیڈ مل، جھٹہ ہتھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔I&II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، فضل احمد شہید، چواہ خالصہ، مورت فیڈرز، اٹک سرکل، قطبال، مورت، فتح جنگ رورل فیڈرز، چکوال سرکل، سی ایس شاہ، ڈنڈوت، کلر کہار، ڈیرہ مسلم، کچہری، پی ڈی خان فیڈرز، جہلم سرکل، عباس پورہ، اجمل شہید، F-7 کچہری، بکرالہ، کرنل اکرم، ریاض شہید، کھوکھراں، چمالہ، ممتاز شہید، ایم ریاض شہید، روہتاس فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک، جی ایس او سرکل، پی ٹی وی۔ II، انڈسٹریل۔ I، کٹاریاں، وارد ٹیلی کام، ہولی فیملی، نیو یونائیٹڈ سٹیل، ایم حسین سٹیل، انڈسٹریل۔II، فضل سٹیل مل، ایم جی سٹیل مل، اتحاد سٹیل مل، انڈسٹریل۔ III، صادق سٹیل، ان مبل، مونگ سٹی، مونگ پٹن شیر خان، مونگ کالجن فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 48

میاں صاحب نے جو فرمایا اس پر وضاحت کی ضرورت نہیں رہتی۔ منگل کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے باہر شہباز شریف سے صحافی نے سوال کیا کہ گزشتہ روز کے جلسے کو کیا سمجھ لیں کہ انتخابی مہم کی شروعات ہوگئی ہے؟ شہباز شریف نے جواب دیا کہ جی ان شاء اللہ۔ صحافی نے سوال کیا کہ آپ بھی اب عدالتوں میں ہی چکر لگا رہے ہیں۔ شہباز شریف نے جواب دیا کہ ہم قانون کا احترام کر رہے ہیں۔ سابق وزیر اعظم سے سوال کیا گیا کہ کیا لیول پلیئنگ فیلڈ ہے سب کیلئے؟ جس کا جواب دیتے ہوئے شہباز شریف نے فرش کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ یہ لیول پلیئنگ فیلڈ ہی ہے ناں۔

بقیہ 49

دونوں ملکوں کے عوام کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ کی ذمہ داری ہے کہ امن دشمنوں کی نشاندہی کرے تا کہ ریاست انہیں شکست دے سکے۔ انہوں نے کہا کہ افغان صحافیوں کے ویزا معاملات پر وزارت داخلہ اور وزارت خارجہ سے رابطہ کیا جائے گا۔ مرتضی سولنگی نے کہا کہ پاکستان ایک ذمہ دار ریاست کے طور پر اسے یقینی بنائے گا کہ تمام غیر ملکی قانونی طریقوں سے ہمارے ملک میں داخل ہوں۔ افغان صحافیوں کے وفد نے وفاقی وزیر اطلاعات کا مسائل کے حل کی یقین دہانی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 50

سے پندرہ سو کلومیٹر اور کراچی سے سترہ سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بحیرہ عرب میں بننے والا طوفان 12 گھنٹے میں انتہائی شدت اختیار کر گیا، طوفان کا فاصلہ عمان کے جنوب مغرب سے 270 کلومیٹر اور یمن کے شہر الغیدہ سے 70 کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ طوفان میں 130 سے 140 اور زیادہ سے زیادہ 160 کلومیٹر فی گھنٹہ ہوائیں چل رہی ہیں، سمندری طوفان کے ارد گرد لہریں 30 فٹ بلندی سے چل رہی ہیں۔

بقیہ 51

بلاتعطل فراہمی کیلئے اقتصادی رابطہ کمیٹی کے فیصلوں سے بھی آگاہ کیا گیا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ربیع کی فصل کیلئے کسانوں کو بروقت اور بلا تعطل کھاد کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ کھاد کے بفر اسٹاک کا بھی مناسب و بروقت بندوبست کیا جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کھاد کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھے۔ وزیر اعظم نے متعلقہ وزارتوں کو ربیع کی فصل کیلئے کھاد کی بلاتعطل فراہمی کیلئے جامع لائحہ عمل بنا کر پیش کرنے کی ہدایت کی ۔اجلاس کو کھاد کی پیداوار کے خام مال کی قیمتوں، کھاد کی موجودہ قیمت، کھاد فیکٹریوں کو گیس کی فراہمی اور طلب کے حوالے سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا گیا۔ اجلاس میں نگران وفاقی وزراء گوہر اعجاز، کوثر عبداللہ ملک، محمد علی، مشیر وزیر اعظم احد خان چیمہ اور متعلقہ اعلی حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 52

کے مطابق برآمدی آمدنی رکھنے کی حد 35 سے بڑھا کر 50 فیصد کر دی گئی، برآمد کنندگان کو آن لائن ادائیگیوں کے لیے ڈیبٹ کارڈز جاری کیے جائیں گے، فری لانسرز اب کم از کم دستاویز سے ڈیجیٹل یا نارمل اکاؤنٹس کھول سکیں گے۔ فری لانسرز کے لیے ایکسپورٹرز سپیشلائزڈ فارن کرنسی اکاؤنٹس کھول دیے جائیں گے، فری لانسرز ان اکاؤنٹس میں ہر ماہ 50 فیصد تک برآمدی آمدنی یا 5 ہزار ڈالر رکھنے کے مجاز ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق فری لانسرز سٹیٹ بینک یا بینکوں کی پیشگی اجازت کے بغیر ان اکاؤنٹس سے ادائیگیاں کر سکتے ہیں۔

بقیہ 53

ڈھا رہا ہے، کشمیر کی مکمل آزادی تک ہم چین سے نہیں بیٹھیں گے۔ آزاد جموں وکشمیر کے 76 ویں یوم تاسیس پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ آزاد جموں کشمیر کی عوام کو 76 ویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتا ہوں، 24 اکتوبر 1947 کو آزاد جموں وکشمیر ریاست کا قیام کشمیر کی تحریک آزادی کا روشن باب ہے۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ آزاد جموں و کشمیر کو قوم کے بہادر بیٹوں نے جابر ڈوگرہ راج سے آزادی دلائی، تحریک آزادی کشمیر کے شہدا اور غازیوں کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں، آج بھی بھارت کشمیر کے بڑے حصے پر غاصبانہ طور پر قابض ہے۔ ر

بقیہ 54

صدر کا بیان میں کہنا تھا کہ اپنی سرزمین پر کسی غیر ملکی فوج کو برداشت نہیں کریں گے۔ تمام بھارتی فوجیوں کو فوری طور پر واپس جانے کا حکم دیا ہے۔ بھارتی فوج کی موجودگی مالدیپ کو خطرے میں ڈال سکتی ہے۔ مالدیپ کے عوام سے بھارتی فوج کو واپس بھیجنے کا وعدہ کیا تھا۔ بھارت نے فروری 2021 میں ایک متنازع معاہدے کے تحت مالدیپ میں اپنی فوج تعینات کی تھی۔ مالدیپ کی فورسز کا کہنا ہے کہ ان کے ملک میں موجود بھارتی طیارے مالدیپ کی جاسوسی کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 55

پراسیکیوٹر نے کہا کہ نواز شریف نے سرینڈر کر دیا ہے، ان کے وارنٹ مسترد کر دیں، وارنٹ مسترد ہوں گے تو ٹرائل آگے چلے گا جس کے بعد احتساب عدالت نے نواز شریف کے دائمی وارنٹ بھی منسوخ کر دیے۔ جج محمد بشیر نے کہا کہ نواز شریف کو روسٹرم پر بلا لیں۔ نواز شریف جج محمد بشیر کے روبرو روسٹرم پر پیش ہوئے جس کے بعد جج محمد بشیر نے وکلاء سے کہا کہ نواز شریف کو لے جائیں جس کے بعد نواز شریف کمرہ عدالت سے چلے گئے اور عدالت نے توشہ خانہ ریفرنس کیس کی سماعت 20 نومبر تک ملتوی کر دی۔ عدالت نے نواز شریف کو 10 لاکھ روپے ضمانتی مچلکے جمع کروانے کی ہدایت کی۔ نواز شریف کی قانونی ٹیم نے 10 لاکھ روپے کے مچلکے عدالت میں جمع کروا دیے۔ سماعت کے دوران جج محمد بشیر نے کہا کہ ویسے بہت مزا آتا ہے جب کافی لوگ جمع ہوتے ہیں۔ وکیل صفائی قاضی مصباح نے کہا کہ مزا آتا ہے جب لوگ جمع ہوں، لوگ ان کے پیچھے اکٹھے نہیں ہوتے جن پر اعتماد نہ ہو۔ بس اب بس، اب آپ سیاسی بات کر رہے ہیں، جج محمد بشیر کے جملے پر عدالت میں قہقہے لگ گئے۔ جج نے استفسار کیا کہ اس پر آج ہی سماعت کرنی ہے۔ وکیل صفائی قاضی مصباح نے کہا کہ جی آج ہی سماعت کی استدعا ہے، جج نے وکیل صفائی سے استفسار کیا کہ پلیڈر کون ہے۔ وکیل صفائی نے کہا کہ رانا محمد عرفان پلیڈر ہیں جو عدالت میں موجود ہیں

بقیہ 56

کو زیادہ دیر چکمہ نہ دے سکا جسے گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا گیا اور مزید تفتیش جاری ہے۔ ایس پی سٹی سلیمان ظفر نے کہا کہ انسداد جرائم کے حوالہ سے کڑی نگرانی کی جارہی۔

بقیہ 57

قیمت 155 روپے مقرر کی گئی ہے۔ بی آئی ایس پی صارفین کے لیے چینی کی فی کلو قیمت 109 روپے مقرر کی گئی ہے۔ اس سے قبل عام صارفین کے لیے چینی کی قیمت 147 روپے فی کلو تھی، سبسڈی کے تحت چینی کی پرانی قیمت 101 روپے فی کلو تھی۔

بقیہ 58

کے خاتمے کیلئے ہر حد تک جائیں گے۔ آلودگی و سموگ کا باعث بننے والی ٹرانسپورٹ کو بھاری جرمانے بھی عائد کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ ٹرانسپورٹ نے گذشتہ 2 ماہ میں 8,834 گاڑیوں اور موٹر بائیکس کے خلاف ایکشن لیا اور 1,511 وہیکلز بند کی گئیں۔ جبکہ فٹنس سرٹیفکیٹ موجود نہ ہونے والی 4,682 گاڑیوں کے خلاف بھی موثر ایکشن لیا گیا۔ ابراہیم مراد نے مزید کہا کہ لوگوں کو اپنی ذمہ داری سمجھنا ہوگی اور دھواں چھوڑنے والی اپنی اپنی وہیکل کو از خود ٹھیک کرنا ہوگا،

بقیہ 59

سے طالبعلم کی لاش ملی تھی، جس کا پوسٹ مارٹم مکمل کر لیا گیا ہے۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ ابتدائی رپورٹ کے مطابق طالبعلم مختیار نہاتے ہوئے باتھ روم میں گر گیا، اور گرنے سے اس کو سر پر چوٹ آئی جو موت کا سبب بنی۔ اسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ نوجوان مختیار کے جسم پر تشدد کے کوئی نشان نہیں ہیں، اگر اس کو بروقت طبی امداد ملتی تو شاید اس کی جان بچائی جاسکتی تھی۔ دوسری جانب پولیس حکام کا کہنا ہے کہ مختیار کے اہلخانہ اس کی لاش لے کر آبائی گاؤں سوات روانہ ہو گئے ہیں۔ گزشتہ روز جامعہ کراچی ایچ ای جے کالونی میں واقع ہاسٹل کے بیت الخلا سے طالب علم کی لاش ملی تھی۔ ترجمان آئی سی سی بی ایس کے مطابق متوفی طالب علم مختیار علی کا 2020 میں ایم فل میں داخلہ ہوا تھا، وہ (ICCBS) میں آرگینک کیمسٹری کی تعلیم حاصل کر رہا تھا، اور ڈاکٹر حنا صدیقی کی سپروائزری میں تحقیق کر رہا تھا۔ ترجمان نے بتایا کہ طالب علم مختیار کسی بیماری میں مبتلا نہیں تھا، اور کسی قسم کی ادویات استعمال نہیں کرتا تھا، وہ صبح 9 بجے بیت الخلا گیا تھا، اور اس کا جسد خاکی شام 6 بجے طلبہ نے دروازہ توڑ کر باہر نکالا، اور لاش کو جامعہ کے کلینک میں منتقل کر دیا گیا،

بقیہ 60

تمام سیلز ریکارڈ تحویل میں لے لیا۔ پی آر اے کے مطابق :ٹیکس میں چوری کرنے کی اطلاعات موصول ہونے پر ٹھوس ثبوت کی بنیاد پر کاروائی عمل میں لائی گئی، تحویل میں لئے گئے ریکارڈ کی چھان بین کرنے کے بعد ریسٹورنٹ چین پر مجموعی طور پر ٹیکس لاگو کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق نوٹس جاری کرتے ہوئے عائد کردہ ٹیکس ریسٹورنٹ مالکان کی جانب سے مقرر وقت میں ادا کرنا ہوگا۔

تھانہ سول لائنز میں موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان کی پولیس پر فائرنگ

فائرنگ کے دوران بین الاضلاعی کار چور زخمی حالت میں گرفتار، قبضہ سے اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکل اور کار چوری کے آلات برآمد

ملزم رضوان مائیکل کار چوری کی ایک درجن سے زائد وارداتوں میں جڑواں شہروں اور گوجرانولہ میں ریکارڈ یافتہ ہے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سول لائنز کے علاقہ میں رات گئے موٹر سائیکل سوار 3 ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ کردی، فائرنگ کے دوران بین الاضلاعی کار چور زخمی حالت میں گرفتار کرکے اسلحہ، مسروقہ موٹر سائیکل اور کار چوری کے آلات برآمد کرلئے، ملزم رضوان مائیکل کار چوری کی ایک درجن سے زائد وارداتوں میں جڑواں شہروں اور گوجرانولہ میں ریکارڈ یافتہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سول لائنز کے علاقہ میں رات گئے پولیس پٹرولنگ پارٹی گشت پر موجود تھی کہ ملزمان نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی، فائرنگ کے دوران بین الاضلاعی کار چور رضوان مائیکل زخمی حالت میں گرفتار ہوا، ملزم سے اسلحہ، (بقیہ نمبر 1)

معروف سنگر شرافت علی خان اور انکے ساتھیوں کی وفات پر تعزیتی اجلاس میں دعائے مغفرت کی جارہی ہے

معروف سنگر شرافت علی خاں اور انکے ساتھیوں کی وفات پر اظہار غم

معروف شاعر۔ موسیقار مطلوب حسین مطلوب۔ سنگر ایاز احمد۔ نعیم عباس طبلہ نواز اور ظفر اعوان

بھکر (ظفر اعوان) ہم میانوالی کے معروف سنگر شرافت علی خان اور ان کے بھائی اور دوستوں کی ناگہانی وفات پر دلی رنج وغم کا اظہار کرتے ہیں۔ معروف شاعر۔ موسیقار مطلوب حسین مطلوب۔ سنگر ایاز احمد۔ نعیم عباس طبلہ نواز اور ظفر اعوان۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ دنوں میانوالی کے معروف سنگر ایک شادی پروگرام کر کے اپنے گھر جارہے تھے کہ راستہ میں ایک پل پر سے گزرتے ہوئے ان کی گاڑی نہر میں چلی گئی۔ گاڑی میں (بقیہ نمبر 3)

تعلیمی بورڈ میر پور خاص کے سالانہ امتحانات کے نتائج کا اعلان

ویب سائٹ www.bisemirpurkhas.com پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ میر پور خاص کے ناظم امتحانات انجینئر انور علیم خانزادہ راجپوت نے بتایا کہ ثانوی واعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ نے بارہویں جماعت (پری انجینئرنگ / پری میڈیکل / سائنس جنرل / آرٹس / کامرس و اورینٹل گروپس) کے سالانہ امتحانات سال برائے 2023ء کے نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ یہ نتائج تعلیمی بورڈ کی ویب سائٹ www.bisemirpurkhas.com پر بھی دیکھے جاسکتے ہیں۔ پری انجینئرنگ گروپ میں (4155) امیدواروں (بقیہ نمبر 4)

دہشت گردی کو ہم ایک عرصہ سے شکار ہورہے ہیں حامد سعید کاظمی

عید میلاد النبیؐ پر حملہ کرنے والے کردار ابھی تک سامنے نہیں لائے گئے

اٹک (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ومعروف عالم دین سید حامد سعید کاظمی نے کہا ہے کہ سانحہ مستونگ عید میلاد النبیؐ پر حملہ کرنے والے کردار ابھی تک سامنے نہیں لائے گئے، نہ ہی کسی نے ذمہ داری قبول کی ہے، دہشت گردی کو ہم ایک عرصہ سے شکار ہورہے ہیں جنہوں نے یہ کام کیا ہے وہ ایک مائنڈ سیٹ ہے، انھیں میں سیدھی سادی بات بتانا چاہتا ہوں اس سے قبل آپ نے اولیا کرام کے مزار پر بموں کے دھماکے کر دیکھ لئے (بقیہ نمبر 5)

راولپنڈی، شراب سپلائرز و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 3 گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 22 شراب اور اسلحہ و ایمونیشن برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے ملزم شارون سے 14 لیٹر شراب، ملزم نعیم سے 8 لیٹر شراب، کلر سیداں پولیس نے ملزم نوید سے 1 پستول 30 بور (بقیہ نمبر 2)

پولیس پر فائرنگ کر کے فرار ہونے کی کوشش کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پولیس پارٹی پر فائرنگ کر کے فرار ہونے کی کوشش کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کے قبضہ سے اسلحہ برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد پولیس نے گاڑی کو روکنے کا اشارا کیا جس پر ملزم شہباز نے فائرنگ کی اور گاڑی بھگا دی، پولیس پارٹی نے تعاقب کر کے ملزم شہباز کو گرفتار کرلیا، ملزم سے اسلحہ بھی برآمد ہوا۔

نارووال، پولیس نے اندھے قتل کے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا

نارووال (این این آئی) ڈی پی او نارووال رانا طاہر رحمٰن خاں کی سربراہی میں ڈی ایس پی شکرگڑھ کی ٹیم تھانہ شاہ غریب نے اندھے قتل کے ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نامعلوم ملزمان نے خاتون کو قتل کردیا۔ جس پر ڈی پی او نارووال رانا طاہر رحمٰن خاں نے فوری طور پر (بقیہ نمبر 6)

MIANWALI
DC Bhakkar

سرگودھا، کمشنر محمد اجمل بھٹی بائیو گیس پلانٹ کی تنصیب کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرگودہا اور گجرات ڈویژن کیلئے چھ سو بائیو پلانٹ لگانے کا فیصلہ

ایسے دیہی علاقے جہاں سوئی گیس کی سہولت دستیاب نہیں وہاں کے رہائشی اس سہولت سے استفادہ کر سکتے ہیں

پہلے مرحلہ میں سرگودھا میں 90 جبکہ خوشاب، میانوالی اور بھکر میں 70، 70 پلانٹ لگانے کی منظوری

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) محکمہ توانائی پنجاب نے سرگودھا اور گجرات ڈویژن کے لیے چھ سو بائیو پلانٹ کے لگانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالہ سے ایک اجلاس کمشنر محمد اجمل بھٹی کی زیر صدارت ان کے کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی ڈائریکٹر توانائی اسامہ روف نے اس منصوبہ کے بارے کمشنر اور چاروں ڈپٹی کمشنرز کو تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ اسے دیہی علاقے جہاں (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، لیڈی سمیت 13 منشیات فروش گرفتار

قبضہ سے 14 کلو سے زائد چرس برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے لیڈی منشیات فروش سمیت 13 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 14 کلو سے زائد چرس برآمد کرکے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق پیرودھائی پولیس نے ملزمہ فوزیہ صفدر سے 1 کلو 460 گرام (بقیہ نمبر 8)

نوجوان نے فائرنگ میکے آئی بہن کو آشنا سمیت قتل کردیا

مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیں، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں نوجوان نے غیرت کے نام پر کزن کی مدد سے فائرنگ کر کے شوہر سے روٹھ کر میکے آئی بہن کو آشنا سمیت قتل کردیا۔ پولیس نے جائے واردات سے دوہرے قتل کے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیں اور ملزمان کو گرفتار کرکے مصروف تفتیش ہے۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا کے چک 50 شمالی میں دوشیزہ شناء پروین 49 ٹیل عبداللہ کالونی کے نوجوان اکرم سے شادی شدہ تھی جو گھریلو ناچاقی پر روٹھ کر میکے آگئی ہوئی تھی کہ اس کے بھائی عادل پرویز کو شادی شدہ بہن کے کردار پر شک تھا کہ گزشتہ روز نوجوان عادل پرویز نے غیرت کے نام پر اپنے کزن قاسم کی مدد سے فائرنگ کر کے حقیقی بہن شناء پروین کو ملنے آئے ہوئے خوشاب کے آشنا احسان قاسم سمیت قتل کردیا پولیس تھانہ کینٹ جائے واردات سے شواہد اکٹھے کرتے ہوئے مقتولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے لئے ہسپتال منتقل کردیں۔

شیخ رشید احمد کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا

مکمل بیڈ ریسٹ، تجویز دوائیں باقاعدہ سے استعمال کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کو ہسپتال سے ڈسچارج کر دیا گیا، ڈاکٹرز نے سابق وزیر داخلہ کو مکمل بیڈ ریسٹ، تجویز دوائیں باقاعدہ سے استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق شیخ رشید کی لی گئی ریڈنگز پر سینئر ڈاکٹرز مشورہ کے بعد آگاہ کریں گے۔ عوامی مسلم لیگ کے سربراہ کو گزشتہ شب سینے میں تکلیف پر آر آئی سی منتقل کیا گیا تھا۔

اسرائیل کے غزہ پر فضائی حملے میں تباہ شدہ عمارتوں کا ڈھیر

ریلوے کی نجکاری اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر ملازمین کا احتجاج

ریلوے کے اعلیٰ افسران کے دفاتر بند کرنے کی دھمکی

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں ریلوے کی نجکاری اور تنخواہوں کی عدم ادائیگی پر ریلوے ملازمین نے احتجاج کرتے ہوئے ریلوے کے اعلیٰ افسران کے دفاتر بند کرنے کی دھمکی دیدی۔ ریلوے ملازمین نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی، ریلوے کی نجکاری اور پنشن خاتمے کے مجوزہ پلان کے خلاف راولپنڈی میں احتجاج کیا۔ مظاہرین سے خطاب میں مزدور الائنس رہنماؤں نے کہا کہ ریلوے انتظامیہ ہماری پنشن ختم کررہی ہے آج سے ڈی ایس آفس کے دروازے بند کریں گے، اب عام مظاہرے نہیں ہوں گے بلکہ ہم سرپرائز دیں گے۔ مظاہرین نے پلے کارڈ بھی اٹھا رکھے تھے مظاہرے میں شریک محنت کشوں نے ریلوے کی نجکاری کے خلاف اور مزدور اتحاد کے حق میں نعرے لگائے۔

چیئر مین پی ٹی آئی عمران خان سے بہنوں اور اہلیہ کی ملاقات

راولپنڈی (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں فیملی نے ملاقات کی جس میں چیئرمین پی ٹی آئی کی صحت، زیر سماعت مقدمات پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات کرنے والوں میں چیئرمین پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی، قریبی عزیز نورین خانم، چیئرمین پی ٹی آئی کی بہنیں علیمہ خانم اور ڈاکٹر عظمیٰ خانم بھی ملاقات کرنے والوں میں شامل تھیں، ملاقات اڈیالہ جیل کے کانفرنس روم میں ہوئی۔

دبئی سے آنیوالی خاتون کے 96 لاکھ کے آئی فون، میک بکس ضبط

کراچی (این این آئی) دبئی سے کراچی پہنچی ایک خاتون کا 96 لاکھ روپے مالیت کا سامان کراچی ایئرپورٹ پر کسٹمز ایکٹ کے تحت ضبط کر لیا گیا۔ کسٹم حکام کے مطابق جناح انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر کسٹمز کے عملے نے کارروائی کرتے ہوئے الیکٹرانکس کے سامان کی اسمگلنگ کی کوشش کو ناکام بنا دیا۔ (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، پولیس عدالتوں میں مقدمات کی سماعت پر موثر سکیورٹی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس ہائی سکیورٹی زون میں واقع اعلیٰ عدالتوں میں اہم مقدمات کی سماعت کے موقع پر موثر سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کی صورتحال کو یقینی بنانے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، (بقیہ نمبر 10)

لیڈی منشیات فروش سمیت 07 ملزمان گرفتار کر کے 11 کلو سے زائد چرس برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے لیڈی منشیات فروش سمیت 07 ملزمان گرفتار کر کے 11 کلو سے زائد چرس برآمد کر لی۔ ترجمان راولپنڈی پولیس کے مطابق مندرہ پولیس نے ملزم جنید سے 02 کلو 800 گرام چرس، ملزم محمد سنان سے 01 کلو 600 گرام چرس، ملزم عبداللہ سے 01 کلو 400 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے ملزمہ فوزیہ صفدر (بقیہ نمبر 11)

سرگودھا، کمشنر محمد اجمل بھٹی تحصیل کمپلیکس میں جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

کمشنر اجمل بھٹہ کا زیر تعمیر سرگودھا اجنالہ روڈ کا معائنہ

27 کلومیٹر اجنالہ روڈ کا کل تخمینہ 96 کروڑ 60 لاکھ روپے لگایا گیا ہے

ٹھیکے دار کو کام مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر بھی ہمراہ تھے

سرگودھا (نمائندہ عوامی للکار) کمشنر محمد اجمل بھٹی نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن ریٹائرڈ شعیب علی کے ہمراہ زیر تعمیر سرگودھا اجنالہ روڈ کا معائنہ کیا اور تعمیراتی کام کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایس ای ہائی ویز منصور ارشد نے بریفنگ میں بتایا کہ 27 کلومیٹر اجنالہ روڈ کا کل تخمینہ 96 کروڑ 60 لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔ اب تک اس منصوبہ کے لیے 34 کروڑ روپے جاری ہو چکے ہیں۔ 25 کلومیٹر سڑک پر پتھر رکھ دیا گیا ہے جبکہ 15 کلومیٹر سڑک کی سنگل لیئر مکمل ہو چکی ہے۔ کمشنر نے ایس ای ہائی ویز کو صوبائی حکومت سے مسلسل رابطے میں رہنے اور بقایا فنڈز کے جلد اجرا کو بروقت حاصل کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ کوالٹی پر کوئی (بقیہ نمبر 12)

دوسرا سالانہ مقابلہ نعت و تقریر حکیمال نزد چک بیلی خان منعقد ہوا

اول، دوم اور سوم آنیوالے بچوں کے علاوہ سب بچوں کو ٹرافی اور میڈلز دیئے گئے

دوسرا سالانہ مقابلہ نعت و تقریر حکیمال نزد چک بیلی خان منعقد کیا گیا۔ ممتاز ثناء خواں رسول و نقیب محفل ڈاکٹر زاہد ایم اعوان نے علاقے کے بچوں میں عشق رسول اور فروغ نعت کے لیے اس مقابلے کا انعقاد کیا۔ علاقے بھر سے 90 بچوں نے مقابلے میں حصہ لیا۔ اول، دوم اور سوم آنیوالے بچوں کے علاوہ سب بچوں کو ٹرافی اور میڈلز دے گئے۔ (بقیہ نمبر 13)

ممتاز ثناء خواں رسول و نقیب محفل ڈاکٹر زاہد ایم اعوان و دیگر شرکاء

دکانداروں نے حکومت پنجاب کے احکامات ہوا میں اڑا دیئے

پرائس مجسٹریٹس ستو پی کر سو گئے سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانے والا کوئی نہیں

گوجر خان سرکاری خزانے پر بوجھ بنے نااہل عملے کو رخصت کریں شہری حلقے

گوجر خان (قمر شہزاد) سبزیوں کی قیمتیں عوام کی پہنچ سے باہر مہنگائی نے عوام کیلئے دو وقت کی روٹی کا حصول مشکل بنا دیا مولی سو سے 150، کھیرا 100، ٹینڈے 180 سے 2 سو، بھنڈی، بند گوبھی، کدو 180، شملہ 250، بینگن 150، اروی 200، آلو درجہ سوئم 100 روپے کلو سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانے والا کوئی بھی نہیں انتظامیہ کی عدم توجہی اور پرائس مجسٹریٹس کی ملی بھگت سے گراں فروش عوام کو دونوں ہاتھوں سے (بقیہ نمبر 14)

ایس ایس پی کی اسپیشل ٹیم کا جوا کے اڈے پر چھاپہ

جوا کے اڈے پر چھاپہ مار کر اڈے کے سرغنہ سمیت دیگر 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا

ڈگری رپورٹ (محمد عاصم آرائیں) ایس ایس پی کی اسپیشل ٹیم کا جوا کے اڈے پر چھاپہ۔ ایس ایس پی کی اسپیشل ٹیم نے ڈگری سب ڈویژن کے علاقے کے جی ایم میں ایک جوا کے آڈے پر چھاپہ مار کر اڈے کے سرغنہ سمیت دیگر 7 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے 1 لاکھ 10 ہزار کیش، چھکا جوا کا سامان، 7 موٹر سائیکل، 4 (بقیہ نمبر 15)

لاہور، لڑکیاں عجائب گھر میں تاریخی نوادرات دیکھ رہی ہیں

تجاوزات کے خلاف آپریشن میں متعدد دکانیں سیل

غیر قانونی پارکنگ پر کاروائی میں متعدد موٹر سائیکلیں اٹھا لی گئیں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے اہم بازاروں میں تجاوزات کے خلاف آپریشن میں متعدد دوکانات کو سیل کر کے کاروائی کو مزید تیز کر دیا گیا جبکہ ٹریفک پولیس نے شہر کے اہم بازار میں غیر قانونی پارکنگ پر کاروائی میں متعدد موٹر سائیکلیں اٹھا لی گئیں۔ ذرائع کے مطابق اندرون شہر بازاروں میں تجاوزات کے خلاف آپریشن میں کچہری بازار اور گولچوک سمیت متعدد دوکانات کو سیل کر کے کاروائی کو مزید تیز کر دیا گیا جبکہ ٹریفک پولیس نے شہر کے اہم بازار کچہری بازار میں کاروائی کرتے ہوئے غیر قانونی پارکنگ پر متعدد موٹر سائیکلیں اٹھا لیں اور (بقیہ نمبر 16)

KING EDWARD MEDICAL UNIVERSITY
MAYO HOSPITAL LAHORE
OSTEOPOROSIS AWARENESS SEMINAR

وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کا آگاہی سیمینار کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سرگودھا، تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا

دو طالب علم جاں بحق اور ساتھی طالب علم شدید زخمی ہو گیا، ہسپتال منتقل

سرگودھا (این این آئی) تیز رفتار ٹرک نے موٹر سائیکل سواروں کو کچل دیا جس کے نتیجے میں دو طالب علم جاں بحق اور ساتھی طالب علم شدید زخمی ہو گیا جن کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ تفصیلات کے مطابق میانوالی روڈ پر خوشاب کا قریب تیز رفتار ٹرک نے مین روڈ پر سلپ ہونے والے موٹر سائیکل کو کچل دیا جس کے نتیجہ میں موٹر سائیکل پر سوار دو طالب علم محلہ حافظ دیوان خوشاب کا 18 سالہ علی رافع اور ہموکہ کا (بقیہ نمبر 17)

سردی کی شدت میں اضافہ، خشک میوہ جات کی قیمتوں کو پر لگ گئے

جڑواں شہروں میں ڈرائی فروٹس کے دکانداروں نے من مانی شروع کر دی ہے

اسلام آباد (پیانیوز) سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی خشک میوہ جات کی قیمتوں کو پر لگ گئے۔ جڑواں شہروں سمیت ملک بھر میں سردی کی شدت میں اضافے کے ساتھ ہی جہاں خشک میوہ جات کی مانگ میں یکدم اضافہ ہوا ہے وہیں پر خشک میوہ جات کی قیمتیں بھی آسمان کو چھونے لگی ہیں۔ شہریوں نے بتایا کہ جڑواں شہروں میں ڈرائی (بقیہ نمبر 18)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الٰہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مرکزی سیکرٹریٹ کی تعمیر کا کام آئندہ 2 ماہ میں شروع کردیا جائیگا

ٹریفک پولیس کا ایڈمن، اکاؤنٹ اور آڈٹ دفاتر سمیت ایس ایس پی آفس بھی سیکرٹریٹ میں تعمیر ہوں گے

ڈرائیونگ سکول، لائسنسوں کا اجرا، چالان رسیدوں کی کولیکشن سمیت دیگر سہولیات فراہم ہوں گی، ایس ایس پی سرفراز ورک

اسلام آباد (پیانیوز) ٹریفک پولیس کے فیض آباد کے مقام پر مرکزی سیکرٹریٹ کی تعمیر کا کام آئندہ 2 ماہ میں شروع کر دیا جائے گا، ڈرائیونگ سکول، لائسنسوں کا اجرا، چالان رسیدوں کی کولیکشن سمیت دیگر سہولیات فراہم ہوں گی، ٹریفک پولیس کا ایڈمن، اکاؤنٹ اور آڈٹ دفاتر سمیت ایس ایس پی آفس بھی سیکرٹریٹ میں تعمیر ہوں گے۔ ایس ایس پی اسلام آباد ٹریفک (بقیہ نمبر 19)

انٹرنیشنل ریسٹورنٹ چین پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ریڈار پر آ گیا

لاہور (این این آئی) انٹرنیشنل ریسٹورنٹ چین پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ریڈار پر آ گیا۔ پی آر اے ترجمان کے مطابق ریسٹورنٹ چین کی جانب سے سیلز کے مطابق ٹیکس کی ادائیگی کم کرنے پر ریکارڈ تحویل میں لے لیا گیا ہے۔ کمشنر مصباح نواز کی ہدایت پر انفورسمنٹ آفیسر عمر فاروق اور سعود عتیق نے ماڈل ٹاؤن میں واقع ہیڈ آفس پر چھاپہ مار کر تمام سیلز ریکارڈ تحویل میں لے لیا۔ پی آر اے کے (بقیہ نمبر 20)

ڈینگی کے وار جاری، پنجاب میں مزید 160 افراد شکار

لاہور (این این آئی) ڈینگی کے وار نہ تھمے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں مزید 160 افراد میں ڈینگی وائرس کی تشخیص ہوئی ہے۔ سیکرٹری ہیلتھ پنجاب علی جان نے بتایا کہ رواں برس صوبہ بھر میں اب تک 8 ہزار 163 افراد ڈینگی وائرس کا شکار ہوئے، لاہور میں گزشتہ 24 گھنٹوں میں ڈینگی کے 68 نئے مریض سامنے آئے جبکہ رواں سال لاہور میں ڈینگی کے 3 ہزار 384 کنفرم مریض رپورٹ ہوئے۔ محکمہ صحت کے (بقیہ نمبر 22)

کلمہ چوک تا قاسم بیس تجاوزات کے خلاف آپریشن

ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ ڈالنے والے عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نپٹا جائے گا

شہریوں نے سرکل اڈیالہ انچارج ٹریفک کے احسن اقدام کو سراہا ہے

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) گزشتہ روز ڈی ایس پی ٹریفک سرکل اڈیالہ کی سربراہی میں کلمہ چوک تا قاسم بیس تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا ڈی ایس پی ٹریفک سرکل اڈیالہ ریاض احمد نے آپریشن کرتے ہوئے ریڑھی بانوں کو وارننگ دی جبکہ تجاوزات کنندگان کا سامان ضبط کر کے ہدایات کی کے آئندہ سامان دوکان کے اندر لگایا جائے بصورت ایف آئی آر کا اندراج کیا جائے گا۔ آپریشن کے موقع پر انجمن تاجران نے ریڑھی بانوں کو سڑک پر نہ ہونے کی یقین دہانی کروائی اور کہا کہ اور نہ ہی کوئی ریڑھی بان ٹریفک میں رکاوٹ کا باعث بنے گے۔ ڈی ایس پی انچارج سرکل اڈیالہ ریاض احمد نے کہا (بقیہ نمبر 21)

نگران وزیر اعظم انوار الحق کاکڑ پولیو ورکرز میں چیک تقسیم کر رہے ہیں

ثقافتی تبادلوں کے اثرات دیرپا ہیں جمال شاہ

رواں سال کے آخر تک ایک ثقافتی قافلہ منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، یہ قافلہ چین کے شہر شیان سے شروع ہوگا

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان ایل ڈی اے ون ونڈو سیل کے دورہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت جمال شاہ نے کہا ہے کہ ثقافتی تبادلوں کے اثرات دیرپا ہیں، ہم اس سال کے آخر تک ایک ثقافتی قافلہ منعقد کرنے کی منصوبہ بندی کر رہے ہیں، یہ قافلہ چین کے شہر شیان سے شروع ہوگا اور کرغزستان، تاجکستان، ازبکستان، ترکمانستان، ایران، متحدہ عرب امارات، عمان، گوادر اور کراچی سے ہوتا ہوا اسلام آباد پہنچے گا۔ گوادر پرو کے مطابق بیجنگ میں پاکستانی سفارت خانے میں اپنے خطاب میں وفاقی وزیر جمال شاہ نے ملک کے بھرپور ثقافتی ورثے میں موجود اندرونی طاقت پر روشنی ڈالتے ہوئے اس بات پر زور دیا کہ جدید چیلنجز (بقیہ نمبر 23)

15 کروڑ کا امدادی سامان غزہ میں فراہم کیا جاچکا، محمد عبدالشکور

راولپنڈی (این این آئی) نائب صدر الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان محمد عبدالشکور نے کہا ہے کہ 65 کروڑ کی رقم غزہ فلسطین کے امدادی کاموں کے لیے جمع ہو چکی ہے، 15 کروڑ کا امدادی سامان غزہ میں فراہم کیا جاچکا، مزید 50 کروڑ کا فنڈ اس ریلیف آپریشن پر خرچ کیا جارہا ہے، سرجن اور ڈاکٹرز کی بڑی تعداد الخدمت کے ساتھ رجسٹرڈ ہو چکی، جونہی راستہ ملے گا فوری طور پر یہ میڈیکل ٹیمیں غزہ کے لیے روانہ ہوں (بقیہ نمبر 24)

ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ''ناک دی ڈور'' مہم جاری

تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 419 گھروں کے 213 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے ''ناک دی ڈور'' مہم کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ بہارہ کہو کی حدود میں 419 گھروں کے 213 گھریلو ملازمین (بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، تھانہ ترنول پولیس ٹیم کا احسن اقدام

دوران گشت ملنے والے گمشدہ بچے کے والدین سے رابطہ کر کے بحفاظت حوالے کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس تھانہ ترنول پولیس ٹیم کا احسن اقدام، دوران گشت ملنے والے گمشدہ بچے کے والدین سے رابطہ کر کے بحفاظت ان کے حوالے کر دیا، بچے کے والدین نے پولیس ٹیم کا شکریہ ادا کیا اور اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کاوشوں کو سراہا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی (بقیہ نمبر 26)

سالے کو قتل، اہلیہ اور اس کے دوسرے بھائی کو زخمی کرنیوالا ملزم 2 ساتھیوں سمیت گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چھریوں کے وار کر کے اپنے سالے کو قتل، اہلیہ اور اس کے دوسرے بھائی کو زخمی کرنے والے ملزم کو 2 ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر بیرونی نے کارروائی کرتے ہوئے چھریوں کے وار کر کے اپنے سالے کو قتل اور اہلیہ اور اسکے دوسرے بھائی کو زخمی (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، ریلوے ملازمین کے مطالبات کے حق میں احتجاجی ٹرینیں روکی ہوئی ہیں

اسلام آباد انسداد ڈینگی کنٹرول کے لئے فوگنگ کا عمل جاری

دیہی علاقہ اسلام آباد ہماری ترجیحات میں شامل ہے اور شہریوں کی جان کے تحفظ کے لئے ہر ممکن اقدام ہماری ترجیح ہے

اسلام آباد میں مہلک وائرس کو کنٹرول کرنے کے لئے ہر ممکن وسائل کا استعمال کیا جائے گا' ڈپٹی کمشنر اسلام آباد

اسلام آباد (پیانیوز) ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کی ہدایت پر ڈائریکٹر آف ہیلتھ سروسز میٹرو پولیٹن کارپوریشن ڈائریکٹر ہیلتھ سروسز کی زیر نگرانی ہیلتھ کی ٹیموں کا مختلف علاقوں میں انسداد ڈینگی کنٹرول کے لیے فوگنگ کا عمل جاری ہے۔ ترجمان کے مطابق اسلام آباد کے گورنمنٹ سکول ایف سیون تھری، ایف سیون فور ایف سیون ون، ایف سکس ٹو، سکول تیرہ، ای الیون ٹو، پولی کلینک ہسپتال، جی سکس ٹو ڈاکٹر ہوسٹل اور نرسنگ ہوسٹل میں فوگنگ کروائی گئی، جس میں ڈی ایچ ایس، ڈی ایچ او آفس، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز و مجسٹریٹس، محکمہ صحت کی ٹیمیں، ایم سی آئی، یوسیز کی ٹیمیں و دیگر ادارے شامل ہیں، مزید برآں فوگنگ کروانے کی وجہ سے ڈینگی کے (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، مختلف علاقوں سے 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

قبضہ سے شراب، منشیات وغیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج کر لئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضہ سے شراب، منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی (بقیہ نمبر 29)

چین پاکستان کی برآمدات بڑھانے میں مدد کریگا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کے وزیر تجارت ڈاکٹر گوہر اعجاز نے بیجنگ میں چین کے وزیر تجارت وانگ وین تاؤ کے ساتھ پاکستان کی جانب سے مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے، اس مفاہمت نامے کے تحت چین پاکستان کو اپنی برآمدات بڑھانے میں معاونت فراہم کرے گا۔ گوادر پرو کے مطابق وزیر تجارت نے کہا کہ یہ مفاہمتی یادداشت پاکستان کی چین کو برآمدات میں اضافے اور دوطرفہ تجارت کو متوازن کرنے کے علاوہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل کر دیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں ناراض بیوی کو منانے میں ناکامی پر شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل اور ساس کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا، پولیس نے مقتولہ کی نعش اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر کے دوہرے قتل کی تفتیش شروع کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سرگودھا شہر کے علاقہ عبداللہ کالونی کی دوشیزہ عطیہ بی بی کی شادی قصبہ مٹیلا کے نوجوان اکرم سے ہوئی اور سسرال میں تین سال قبل جھگڑوں کی بنا پر اپنے میکے عبداللہ کالونی آ گئی جسے منانے کے لئے گزشتہ روز شوہر اکرم منانے کے لئے سسرال آیا جہاں تلخ کلامی مشتعل شوہر نے فائرنگ کر کے بیوی کو قتل اور ساس کو شدید زخمی کر دیا اور فرار ہو گیا۔ پولیس نے مقتولہ کی نعش اور زخمی کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردیا کردیا۔

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ منظور وٹو کی اہلیہ روبینہ شاہین کا گروپ فوٹو

تفتیشی افسران کی صلاحیتوں کی بہتری کیلئے کرائم سین ورکشاپ

اسلام آباد کیپیٹل پولیس افسران و ملازمان کے لئے تربیتی کورسز کو سلسلہ جاری ہے

اسلام آباد (این این آئی) کیپیٹل پولیس کالج میں زیر تربیت پہلے ایڈوانس کورس کے افسران کی تفتیشی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کیلئے کرائم سین ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، ورکشاپ میں کرائم سین کی اقسام، جرائم کے واقعہ کو محفوظ کرنا، موقعہ سے شواہد اکٹھے کرنے، پرانی نعشوں کے متعلق شواہد کو محفوظ کرنے، فرسٹ ریسپانڈر اور کی ذمہ داریوں اور تلاشی کی اقسام کے متعلق زیر تربیت افسران کو تفصیلی لیکچر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خان کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس افسران (بقیہ نمبر 30)